http://e.tashakurnews.com
info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews
twitter.com/RTashakur

اشاعت کے مسلسل 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدر آباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو ◉ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ◉ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

چیف ایڈیٹر: علی منصور

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

جلد : 22 | 02 رجب المرجب 1446ھ جمعہ 03 جنوری 2025ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 295

سانحہ 9 مئی کے 19 مجرموں کی سزائیں معاف کرنے کا اعلان

مجرمان کو ضابطے کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد رہا کیا جا رہا ہے، دیگر تمام مجرمان کے پاس بھی اپیل کرنے اور قانون اور آئین کے مطابق دیگر قانونی حقوق برقرار ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سانحہ 9 مئی 2023 کے 19 مجرمان کی سزاؤں میں معافی کا اعلان کردیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ برائے تعلقات عامہ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سانحہ 9 مئی کی سزاؤں پر عمل درآمد کے دوران مجرمان نے قانونی حق استعمال کرتے ہوئے رحم اور معافی کی پٹیشنز دائر کیں۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ مجموعی طور پر 67 مجرمان نے رحم کی پٹیشنز دائر کیں، 48 پٹیشنز کو قانونی کارروائی کیلئے کورٹس آف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

فیس لیس اسسمنٹ سسٹم سے کسٹمز ڈیوٹی وٹیکسز وصولی میں ریکارڈ اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایف بی آر اصلاحات پروگرام کے تحت پاکستان کسٹمز میں پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر متعارف کردہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

پاک فضائیہ 2025 میں بھی دشمن کو مات دینے کیلئے تیار

کراچی (رپورٹ حمزہ منصور) پاک فضائیہ 2025 میں بھی دشمن کو مات دینے کے لئے تیار ہے۔ پاک فضائیہ کی ففتھ جنریشن اسٹیلتھ فائٹر جیٹس کی جانب پیشقدمی جاری ہے، جبکہ پاک فضائیہ میں 2 مختلف اقسام کے ففتھ جنریشن فائٹر جیٹس کی شمولیت سے بھارت کے ہاتھ پاؤں پھولنے لگے ہیں۔ بھارتی فضائیہ اور مودی میڈیا دونوں پینک موڈ میں چلے گئے، جبکہ 1950 کی دہائی میں ایف 86 سیبرز سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)



آرمی چیف کا معاشی استحکام کیلئے اقدامات میں پاک فوج کی حمایت کے پختہ عزم کا اعادہ

دہشت گردوں کو کچلے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے، وزیراعظم شہباز شریف

مجرمان کو ضابطے کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد رہا کیا جا رہا ہے، دیگر تمام مجرمان کے پاس بھی اپیل کرنے اور قانون اور آئین کے مطابق دیگر قانونی حقوق برقرار ہیں، سزاؤں کی معافی ہمارے منصفانہ قانونی عمل اور انصاف کی مضبوطی کا ثبوت ہے، یہ نظام ہمدردی اور رحم کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انصاف کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کا انحصار سیاسی استحکام اور امن کے قیام پر منحصر ہے، دہشت گردوں کو کچلے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے۔ یہ بات انہوں نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی ایپکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر، اعلی سول وعسکری حکام، چاروں وزرائے اعلی، وزیراعلی گلگت بلتستان اور وزیراعظم آزاد کشمیر اور وفاقی وزرا نے شرکت کی۔ اجلاس میں سرمایہ کاروں کو خصوصی سہولتیں دینے اور سرمایہ کاری سے متعلق دیگر امور پر بات چیت کی گئی۔ اپنے خطاب میں وزیراعظم نے کہا کہ یہ سال پاکستان کی معاشی ترقی کی نوید ثابت ہوگا، آج پاکستان میں موجود افراط زر 2018 کے بعد کم ترین سطح پر ہے، ترسیلات زر پانچ کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

اسلام آباد: اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق تحریک انصاف اور حکومت کے مذاکراتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت سے مذاکرات کے اہم دور سے قبل عمران خان کی پارٹی کو اہم ہدایت

حکومت سے مذاکرات، تحریک انصاف نے 2 مطالبات پیش کر دیئے

گزشتہ اجلاس میں جو چیزیں ڈسکس ہوئیں ان ان میں سے کئی پر عمل درآمد ہوا، پاکستان کو درپیش چیلنجز کو مذاکراتی کمیٹی کے عمل کا حصہ بنایا جائے گا، ہم سب پاکستانی ہیں اور ہمارے لیے پاکستان کی اہمیت ہی سب سے زیادہ ہے، دہشت گردی اور معاشی صورتحال سے متعلق جو مسائل ہیں ان کو بھی ڈسکس کیا جائے گا، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی اور حکومت کے درمیان مذاکرات میں تحریک انصاف نے عمران خان سمیت تمام قیدیوں کی رہائی، 9 مئی اور 26 نومبر پر جوڈیشل کمیشن بنانے کے مطالبات پیش کردیے، پی ٹی آئی نے مزید مشاورت کیلئے وقت بھی مانگا، مزید مذاکرات اگلے ہفتے ہوں گے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق پی ٹی آئی کا وفد مذاکرات کیلئے پارلیمنٹ ہاس پہنچا، عمر ایوب، علامہ راجہ ناصر عباس، اسد قیصر، صاحبزادہ حامد رضا، سلمان اکرم راجا وفد میں شامل تھے کچھ دیر بعد علی امین گنڈاپور بھی پہنچے۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے مذاکراتی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی، دیگر شرکا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف ایپکس کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، آرمی چیف جنرل عاصم منیر بھی موجود ہیں

پاکستان کے مختلف ممالک کے ساتھ دفاعی اور تربیتی پروگرام جاری ہیں

ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان افغانستان کی سلامتی و خود مختاری کا احترام کرتا ہے، پاکستانی حکومت شام کی صورتحال کا ایک حل تلاش کرنے کی حامی ہے، شام کا مستقبل شامی عوام کی خواہشات کے مطابق تلاش کیا جانا چاہیے، ممتاز زہرا بلوچ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان کے مختلف ممالک کے ساتھ دفاعی اور تربیتی پروگرام جاری ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پاکستان نے بھارت کی جانب سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

میں بیک ڈور والا نہیں، کھلی کتاب ہوں، علی امین گنڈاپور

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کا کہنا ہے کہ جب مذاکرات کیلئے کمیٹی بنی ہے تو لگتا ہے وہ مسائل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

کچے کے علاقے میں نئے سال کی پہلی بڑی کارروائی، خطرناک ڈاکو مارا گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب پولیس نے کچے کے علاقے میں نئے سال کی پہلی بڑی کرروائی کی، جس میں خطرناک ڈاکو ہلاک ہوگیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق کچہ ماچھکہ رحیم یار خان پولیس مقابلے میں اندھڑ گینگ کا خطرناک ڈاکو مارا گیا۔ کارروائی میں کلاشنکوف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

غیر قانونی تعمیرات، بلڈنگ کنٹرول کی شکایت پر لیاقت آباد تھانے کے اہلکار کیخلاف ایف آئی آر درج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی نے بلاک تین کمرشل ایریا لیاقت آباد میں غیر قانونی تعمیرات کی نشاندہی کی تھی اس حوالے سے ایس ایس پی سینٹرل کو خط لکھا گیا تھا۔ ایس ایس پی سینٹرل نے لیاقت آباد تھانے کے ایک پولیس اہلکار کے خلاف باقاعدہ ایف آئی آر درج کرادی ہے۔

جنرل باجوہ سے ملاقاتوں پر پابندی عائد، صحافی کا دعویٰ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) معروف پاکستانی صحافی زاہد گشکوری نے دعوی کیا ہے کہ سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ پر لوگوں سے ملاقات پر پابندی عائد کردی گئی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

کراچی کے امن وامان پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا

علی خورشیدی

اس صوبے میں مسئلہ تو 3 مہینے سے چل رہے ہیں، مسئلے کا حل ضروری نہیں اسلام آباد پر چڑھائی کرنا تھا، کراچی میں پورے پاکستان سے تعلق رکھنے والے لوگ رہتے ہیں، حکومت کو ایگل آئی رکھنے کی ضرورت ہے جو امن کو خراب کرنے میں لگی ہے، ایسی صورتحال کا دوسرے لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں، ، اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) علی خورشیدی نے کہا کہ کراچی کے امن وامان پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ ایم کیو ایم کے مرکز بہادر آباد میں رہنما ایم کیو ایم علی خورشیدی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب شہر کراچی کے باسی ہیں اس شہر کے ہم سب پر بڑے احسانات ہیں، کراچی سندھ کے بجٹ میں نوے فیصد سے زائد حصہ ڈالتا ہے۔ علی خورشیدی نے کہا کہ کراچی معاشی، سیاسی، سماجی حوالے سے پورے ملک میں ممتاز ہے، کراچی شہر کا امن بہت اہمیت رکھتا ہے اگر امن ہوگا تو معیشت ہوگی، جبکہ کراچی شہر نے پچھلے چالیس سالوں سے ایم کیو ایم کو مینڈیٹ دیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کو اس شہر کا امن سب سے زیادہ عزیز ہے، گزشتہ آٹھ سال سے اس شہر کی جو صورتحال ہے وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے، احتجاج ہر شخص کا حق ہے لیکن احتجاج کو بنیاد بنا کر شہریوں کو تنگ کرنا بھی قبول نہیں ہے۔ پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے یہ بھی کہا کہ احتجاج کی وجہ سے کراچی شہر نے مشکل کا مقابلہ کیا ہے، ریاست کی رٹ کسی کو بھی چیلنج نہیں کرنی چاہیئے، کراچی میں ہر مہذب اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)



ملٹری کورٹس کیس 7 جنوری کو سماعت کیلئے مقرر کردیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت 7 جنوری کو ہوگی جبکہ عام انتخابات میں دھاندلی سے متعلق آئینی درخواست بھی اسی روز مقرر کی گئی ہے۔ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کی 6 سے 10 جنوری تک کی کاز لسٹ جاری کردی گئی ہے جس کے مطابق جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں بینچ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

کراچی میں گزشتہ شب پولیس کی گاڑی اور اہلکاروں پر مزید حملوں کا انکشاف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں گزشتہ شب نمائش چورنگی کے اطراف پولیس کی گاڑی اور اہلکاروں پر مزید حملوں کا انکشاف ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق کراچی میں مزید دو واقعات کے متاثرین سامنے آگئے جبکہ مقدمے کے اندراج کے لئے سولجر بازار پولیس سے رجوع کیا گیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)



پشین میں نایاب نسل کے مارخور کا شکار کرنے والے 3 شکاری گرفتار

پشین (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے ضلع پشین میں نایاب نسل کے سلیمان مارخور کا شکار کرنے والے 3 شکاریوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا گیا۔ ضلع پشین کے علاقے بوستان کے پہاڑی سلسلے میں سرکاری سطح پر محفوظ قرار دیئے جانے والے نایاب نسل کے سلیمان مارخور کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

شہدائے پاکستان کو سلام

وطن سے محبت میں جان نچھاور کرنا پاک فوج کے جوانوں کی پہچان ہے

سپاہی محمد یاسین شہید، شہدائے پاکستان کو سلام، وطن سے محبت میں جان نچھاور کرنا پاک فوج کے جوانوں کی پہچان ہے۔ جان قربان کرنے والے عظیم سپوتوں کی قربانیوں نے پاکستان کی بنیادوں کو مضبوط کیا، دفاع وطن میں جان قربان کرنے والی داستانوں میں سے ایک داستان سپاہی محمد یاسین شہید کی ہے۔

سپاہی محمد یاسین شہید نے 27 مئی 2024 کو خیبر ایجنسی میں دہشتگردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا، سپاہی محمد یاسین کا تعلق ضلع خوشاب سے ہے، سپاہی محمد یاسین شہید نے سوگواران میں والد، والدہ اور بہن بھائی چھوڑے۔ سپاہی محمد یاسین شہید کے لواحقین نے اپنے احساسات وجذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرا بیٹا آخری دم تک دشمن سے لڑا، اس نے اپنا حق ادا کیا، ہمیں اپنے بیٹے کی شہادت پر فخر ہے۔

والدہ سپاہی محمد یاسین شہید نے کہا مجھے اپنے بیٹے کی شہادت پر فخر ہے اللہ اس کی شہادت قبول کرے، میرا ایک ہی بیٹا تھا اگر دس بھی ہوتے تو میں اللہ کی راہ میں قربان کر دیتی، میرا بیٹا بہت شریف اور پانچ وقت کا نمازی تھا، میرا بیٹا کہتا تھا کہ دعا کرو میں شہید ہو جاں تو میرا دل کانپتا تھا، میرا بیٹا کہتا تھا کہ ماں اگر موت آنی ہے تو یہاں بھی آ سکتی ہے میں موت سے کیوں ڈروں۔

سپاہی محمد یاسین شہید کے چچا نے کہا میں سرحدوں پر مامور جوانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ دشمن کے مقابلے میں ڈٹے رہیں، جس طرح کی شہادت ہمارے بھتیجے کو ملی ہے، آپ کو جب زندگی میں موقع ملے اس سے بڑھ کر قربانی دینے کے لیے تیار رہیں، سپاہی محمد یاسین کی شجاعت اور بہادری تاریخ کا ایک روشن باب ہے، پاک فوج کے اس بہادر سپوت کا اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنا ہم سب کے لیے باعثِ فخر ہے۔

کراچی پولیس چیف کا زخمی اہلکاروں کی عیادت کے لیے آغا خان اسپتال کا دورہ

کراچی (رپورٹ عامر صابر) ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو گزشتہ روز احتجاجی دھرنوں کے دوران زخمی ہونے والے پولیس کانسٹیبلز کی عیادت کیلئے آغا خان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

پاکستانی بحریہ کے جہازوں کا بیرون ملک تعیناتی کے دوران ایران کا دورہ

پی این فلوٹیلا کی قیادت پاک بحریہ کے 14 ویں ڈسٹرائر سکواڈرن کے کمانڈر کموڈور محمد عمیر کر رہے تھے، میزبان ملک کی بندرگاہ پر آمد کے موقع پر پاکستانی سفارتخانے کے نمائندوں اور

ایران بحریہ کے حکام نے پاک بحریہ کے جہازوں کا پرتپاک استقبال کیا، مشن کمانڈر نے جہازوں کے کمانڈنگ آفیسرز کے ہمراہ ایرانی بحریہ کی بحری قیادت سے ملاقاتیں کیں، ترجمان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خلیج عرب میں تعیناتی کے دوران؛ پاک بحریہ کے جہاز رسدگار، عظمت اور پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی کے جہاز دشت نے ایران کی بندرگاہ بندر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

سال 2024 میں صنفی بنیاد پر تشدد کے 4558 کیسز رپورٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان میں 2024 میں صنفی بنیاد پر تشدد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

کراچی: لوٹ مار کے مختلف واقعات میں تین افراد زخمی

زخمیوں کی شناخت 23 سالہ زاہد، 28 سالہ سید رضا عباس اور 45 سالہ زاہد سے ہوئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورنگی انڈسٹریل ایریا اور اور اورنگی ٹاؤن میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

ٹیکس ٹو جی ڈی پی 4 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا، مشیر خزانہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مشیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ٹیکس ٹو جی ڈی پی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

ایف آئی اے کی بڑی کارروائی، انسانی اسمگلنگ میں ملوث منظم گینگ بے نقاب

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی ایئرپورٹ پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ میں ملوث منظّم گینگ کو بے نقاب کر دیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

قانون ہونے کے باوجود سندھ میں چائلڈ لیبر میں اضافہ کا انکشاف

کراچی میں 2.38 فیصد، حیدرآباد میں 4.5 فیصد، عمرکوٹ میں 21 فیصد چائلڈ لیبر ہے، سانگھڑ میں

25.7 فیصد، جیکب آباد میں 12.4 فیصد، ٹیاری میں 13.6 فیصد چائلڈ لیبر ہے، محکمہ اسکول ایجوکیشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قانون ہونے کے باوجود سندھ میں چائلڈ لیبر میں اضافہ کا انکشاف ہوا ہے محکمہ اسکول ایجوکیشن کی رپورٹ کے مطابق چائلڈ لیبر کی سب سے کم شرح کراچی میں 2.38 فیصد اور زیادہ شرح قمبر شہدادکوٹ میں 30.8 فیصد ہے۔ کراچی میں 2.38 (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

کراچی: اپوزیشن لیڈر سندھ اسمبلی علی خورشیدی پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جسٹس منصور علی شاہ کا اے ڈی آر کی اہمیت سے متعلق تحریری فیصلہ جاری

ہمیں توقع ہے کہ وفاقی حکومت قوم کے وسیع تر اقتصادی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے جلد از جلد نئے ثالثی قانون کے نفاذ کو

یقینی بنائے گی تاکہ عوام کو ایک موثر اور جدید تنازعات کے حل کا نظام فراہم کیا جا سکے، جسٹس منصور علی شاہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس منصور علی شاہ کا اے ڈی آر کی اہمیت سے متعلق تحریری فیصلہ جاری کر دیا گیا، جس میں انہوں نے ثالثی کے ذریعے تنازعات کے حل پر معاشی فوائد کی اہمیت اجاگر کی ہے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے فیصلے میں کہا کہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

چائے کے کپ پر فیصلہ کر کے 40 ہزار ٹی ٹی پی کے لوگوں کو پاکستان لایا گیا، اسحاق ڈار

پاکستان سفارتی تنہائی کا شکار ہے، ہمارے دور میں تمام شعبوں میں کام شروع ہوا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم اور وزیرخارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ ایک چائے کے کپ پر سخت فیصلے کیے گئے جس کی وجہ سے 35 سے 40 ہزار ٹی ٹی پی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

حیدرآباد کے قریب شالیمار ایکسپریس کی بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں، کئی مسافر معمولی زخمی

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) حیدرآباد ٹیاری کے قریب شالیمار ایکسپریس کی بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں جس کے بعد اپ ٹریک پر ریلوے ٹریفک معطل ہوگئی ہے۔ ٹرین حادثے میں چند مسافروں کے معمولی زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، اپ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

زیر تعمیر عمارت کے ٹینک سے زہریلی گیس کے اخراج سے 2 مزدور جاں بحق

ٹینک کی صفائی کے لیے 2 مزدور نیچے اترے تو وہ ٹینک میں پھیلی ہوئی زہریلی گیس سے متاثر ہوگئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلستان جوہر میں زیر تعمیر عمارت کے زیر زمین پانی کے ٹینک میں زہریلی گیس سے دم گھٹ کر 2 مزدور جاں بحق جبکہ 3 بے ہوش ہوگئے۔ واقعہ کی اطلاع (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

حوالات میں نوجوان کی ہلاکت پر جرگہ نے پولیس اہلکاروں کیخلاف فیصلہ دیدیا

سابق ایس ایچ او اور پولیس اہلکاروں پر 25 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا گیا

لاڑکانہ (اسٹاف رپورٹر) لاڑکانہ میں کبوتر چوری کے الزام میں گرفتار نوجوان کی لاک اپ میں ہلاکت پر جرگے نے فیصلہ سنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق جرگے نے نوجوان کی حوالات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

کراچی کے نوجوان منور علی کے قتل کیس میں اہم پیشرفت، ملزمان گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے نوجوان منور علی کے قتل کیس میں اہم پیش رفت ہوئی ہے پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے شاہ لطیف ٹاؤن میں نوجوان منور علی کے قتل کا معمہ حل ہوگیا، تفتیشی حکام نے قتل کیس میں نامزد ملزمہ سمیت 3 ملزمان کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

کراچی، ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز میں منانے کا اعلان

ملک میں جمہوریت بھٹو کی مرہونِ منت ہے، جمہوریت کیخلاف سازشیں ناکام ہوں گی،

بھٹو نے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا تو شہید بینظیر بھٹو نے ملک کو میزائل ٹیکنالوجی دی، نثار کھوڑو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیپلزپارٹی سندھ کی جانب سے ذوالفقار علی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

وفاقی وزیر دفاع محمود غزنوی کو لٹیرا کہنے پر اُمت مسلمہ سے معافی مانگیں، شاداب رضا نقشبندی

کشمیر اور فلسطین میں مسلم نسل کشی میں بھارت ملوث ہے، وزیر دفاع ہیروز پر انگلی

اٹھانے کی بجائے اپنا احتساب کر لیں تو شرم سے ڈوب مرینگے، سربراہ سنی تحریک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

قبروں کی مسماری کیخلاف کارروائی، سخی حسن قبرستان سے گورکن گرفتار

مافیا کے لوگ قبر کیلئے شہریوں سے 25 سے 50 ہزار روپے وصول کر رہے ہیں، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کی ہدایت پر شہر قائد کے قبرستانوں میں زائد رقم اور قبروں کو مسمار کرنے والے مافیا کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کا آغاز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

کراچی: ریٹائرڈ میجر سمیت 2 ملزمان کو اغوا برائے تاوان کے مقدمے میں عمر قید

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے تاجر کے اغوا اور مجموعی طور پر ایک کروڑ 60 لاکھ روپے تاوان وصول کرنے کے جرم میں ریٹائرڈ میجر سمیت 2 ملزمان کو عمر قید کی سزا سنادی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

سوشل میڈیا پر چلنے والی اسد اللہ اور عبدالقیوم کی تعیناتی کی خبریں بے بنیاد ہیں، ترجمان محکمہ ورکس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ ورکس اینڈ سروسز کراچی کے ترجمان نے واضح کیا ہے کہ محکمہ ورکس اینڈ سروسز کے حوالے سے سوشل میڈیا پر اسد اللہ اور عبدالقیوم کی تعیناتی کے احکامات کے حوالے سے کچھ خبریں سوشل میڈیا پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

کراچی: ایڈیشنل آئی جی جاوید عالم اوڈھو زخمی پولیس اہلکاروں سے عیادت کر رہے ہیں

سال 2024ء پاکستان نیوی کیلئے بھرپور کامیابیوں کا سال ثابت

کراچی (رپورٹ حمزہ منصور) سال 2024 پاکستان نیوی کے لیے بھرپور کامیابیوں کا سال ثابت ہوا، ایک طرف تو پاکستان نیوی کا ماڈرنائزیشن پروگرام آگے بڑھتا دکھائی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

سونے کی عالمی و مقامی قیمتوں میں سال کے دوسرے روز بھی اضافہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سونے کی عالمی ومقامی قیمتوں میں جمعرات کو بھی اضافہ دیکھا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سال 2025 کے دوسرے دن بھی بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 11 ڈالر کے اضافے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

پیپلز بس سروس، 4 نئے روٹس، 40 بسوں کا اضافہ، کل تعداد 300 ہوگئی

میں غیر قانونی رکشوں اور چنگچیوں کی موجودگی بسوں کی روانی اور معیار پر منفی اثر ڈالتی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں نئے سال کے آغاز پر پیپلز بس سروس نے 4 اقسام کی بسوں کے ساتھ اپنے نیٹ ورک کو مزید وسعت دیدی ہے۔ رواں سال کے آغاز پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

ملک میں جاری دھند سے پی آئی اے کا فضائی آپریشن متاثر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک کے مختلف علاقوں میں چھائی دھند سے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کا فضائی آپریشن متاثر ہوگیا۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق دھند سے لاہور، فیصل آباد، ملتان اور سیالکوٹ کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

گورنر سندھ کے سال 2025ء کے منصوبے سامنے آگئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے نئے سال 2025 کے منصوبے بتا دیے مفت آئی ٹی کورس سمیت عوامی فلاح و بہبود کے کئی پروگرام شامل ہیں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

کراچی: گورنر انیشیٹیو کے ذریعے طلبہ وطالبات کو گورنر ہاؤس میں جدید آئی ٹی تعلیم دی جا رہی ہے

فلسطینی نسل کشی: 35 ہزار بچے بھوک سے جان کی بازی ہار گئے

اسرائیلی بمباری میں شہدا کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے جس کے باعث غزہ کی آبادی ایک لاکھ 60 ہزار تک کم ہوگی جو کہ 6 فیصد کمی ہے، رپورٹ میں انکشاف

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل کی غزہ میں جاری جارحیت دراصل فلسطینیوں کی نسل کشی کا کھلا ثبوت ہے اس حوالے سے اعداد و شمار نہایت ہولناک اور دل دہلا دینے والے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق مرکزی فلسطینی ادارہ شماریات نے اپنی تازہ رپورٹ میں کہا ہے کہ نومبر 2023 سے فلسطینیوں کی نسل کشی جاری ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیلی بمباری میں شہدا کی تعداد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

کراچی: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں، صوبائی وزیر سعید غنی بھی ہمراہ موجود ہیں

سعید غنی: پاکستان میں نوجوانوں کی آبادی 60 فیصد پر مشتمل ہے

اگر آج ہمارے نوجوان سیاست میں نہیں آئینگے، صرف کسی کے لیے نعرے لگائیں گے اور گھر چلیں جائیں گے تو مستقبل

کیا ہوگا۔ نوجوان سیاسی جماعتوں کا منشور پڑھیں، آئین پڑھیں اور پھر سیاسی جماعت کا فیصلہ کریں، صوبائی وزیر بلدیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ پاکستان میں نوجوانوں کی آبادی 60 فیصد نوجوانوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

شہر قائد میں آج سردی کی شدت میں معمولی کمی، ہفتہ کو ایک دفعہ پھر اضافہ ہوگا

مغربی ہواؤں کا سلسلہ بلوچستان میں بارش کا سبب بن سکتا ہے، جبکہ سسٹم کے

بلوچستان سے نکلنے کے بعد کراچی سرد ہواؤں کی زد میں آسکتا ہے، محکمہ موسمیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں آج (جمعہ) سردی کی شدت میں معمولی کمی کا امکان ہے تاہم محکمہ موسمیات نے کل (ہفتہ) سے سردی کی شدت میں ایک دفعہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

پاکستان نے آئی ایم ایف کے طے کردہ اہم ٹیکس اہداف حاصل کر لئے

جولائی تا دسمبر 70 ارب روپے کے ٹیکس ریفنڈز بھی جاری کئے گئے، 6 ماہ کے دوران انکم ٹیکس کی مد میں 2827 ارب

روپے ٹیکس جمع ہوا جب کہ جولائی تا دسمبر سیلز ٹیکس وصولی 2105 ارب روپے ریکارڈ کی گئی، ایف بی آر حکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے آئی ایم ایف کے طے کردہ اہم ٹیکس اہداف حاصل کر لیے۔ مشیر برائے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

انٹر سال اوّل کے بدترین نتائج: چیئرمین بورڈ کی جماعت اسلامی کے وفد کو مکمل اسکروٹنی کی یقین دہانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پبلک ایڈ کمیٹی جماعت اسلامی کے وفد نے ممبر اسمبلی محمد فاروق کی قیادت میں انٹرمیڈیٹ بورڈ کے چیئرمین امیر حسین قادری سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور انٹر سال اوّل کے پری میڈیکل و پری انجینئرنگ کے متنازع نتائج کے حوالے سے اپنے تحفظات سے آگاہ کیا۔ انٹرمیڈیٹ سال اوّل سائنس گروپ کے نتائج میں کراچی کے طلبہ و طالبات میں ایک بڑی تعداد فیل ہوئی ہے۔

صنعتکاروں کا پٹرول، ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ واپس لینے کا مطالبہ

معاشی پلان اڑان پاکستان کے اعلان کے فوری بعد پٹرولیم مصنوعات

کی قیمتوں میں اضافہ وزیراعظم کے معاشی وژن کے خلاف ہے، احمد عظیم علوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صنعتکاروں نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے پر سخت تنقید کرتے ہوئے وزیراعظم سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کیے گئے اضافے کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

ایماندار ملازمین ادارے کا قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں ایسے افراد کی حوصلہ افزائی ضروری ہے، سلمان عبداللہ مراد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد نے کہا ہے کہ محنتی اور ایماندار ملازمین ادارے کا قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں ایسے افراد کی حوصلہ افزائی ضروری ہے اور انہیں ملازمت سے ریٹائرمنٹ پر بہترین انداز میں رخصت کرنا چاہیے، بلدیہ عظمیٰ کراچی کو موثر اور مستحکم ادارہ بنانے کے لئے پرخلوص قیادت اور پرعزم افرادی قوت کے ذریعے آگے بڑھ رہے ہیں۔

پی آئی اے کی برطانیہ پروازوں سے پابندی ہٹوانے کے لئے سول ایوی ایشن اتھارٹی متحرک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) یورپ میں پی آئی اے کی براہ راست پروازوں کی بحالی کے بعد سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) برطانیہ کی عائد پابندی ہٹانے کیلئے متحرک ہوگئی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

نیشنل اسٹیڈیم میں 5 منزلہ عمارت کا انفرااسٹرکچر تیار، فنشنگ کا کام باقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیشنل اسٹیڈیم میں 5 منزلہ عمارت کا انفرااسٹرکچر تیار کر لیا گیا تاہم مختلف فلورز پر فنشنگ کا کام باقی ہے اور گراؤنڈ میں جنگلہ ہٹانے کا مرحلہ بھی شروع (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

عدالت نے سال نو پر فائرنگ کے مقدمے میں گرفتار ملزمان کو عدالتی ریمانڈ پر جیل بھیج دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ وسطی کی عدالت کے روبرو سال نو کی آمد پر ہوائی فائرنگ کرنے کے مقدمے میں ضلع سینٹرل پولیس نے 3 ملزمان کو پیش کیا۔ عدالت نے تینوں ملزمان کو عدالتی ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ ملزمان فہد حسین اور عبدالرحمان کو سرسید تھانہ پولیس نے گرفتار کیا جبکہ ملزم عمیر کو تھانہ نیو کراچی انڈسٹریل ایریا پولیس نے گرفتار کیا تھا۔

کراچی میں دھرنے ختم، شہر کے معمولات بحال، شہر کی تمام بڑی اور چھوٹی سڑکوں پر ٹریفک رواں دواں

سہراب گوٹھ سے واٹر پمپ جانے والا راستہ بھی کھلا ہے، اور شہر کی

تمام بڑی اور چھوٹی سڑکوں پر ٹریفک رواں دواں ہے، ٹریفک پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں مجلس وحدت مسلمین (ایم ڈبلیو ایم) کی جانب سے شہر کے مختلف مقامات پر جاری دھرنے ختم کر دیے گئے ہیں اور سڑکیں ٹریفک کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

غفلت برتنے والے افسران و عملے کیخلاف قانون کے تحت کارروائی کی جائیگی، جام اکرام اللہ دھاریجو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر برائے صنعت و تجارت جام اکرام اللہ دھاریجو نے کہا ہے کہ افسران دفتری اوقات کی سختی سے پابندی کریں۔ غفلت برتنے والے افسران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں محکمہ صنعت و تجارت کی جاری ترقیاتی منصوبوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بلاول بھٹو جلد وزیراعظم، جب ڈرائیونگ سیٹ سنبھالیں گے تو ماحول ہی کچھ اور ہوگا، شرمیلا فاروقی

ملک میں اس وقت سیاسی استحکام کی ضرورت ہے، جب بھی پی پی آئے گی،

تو پورے مینڈیٹ کے ساتھ آئے گی، پی پی رکن قومی اسمبلی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلزپارٹی کی رکن قومی اسمبلی شرمیلا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

جدہ جانے والے مسافر سے ایک کلو سے زائد ہیروئن برآمد

ہیروئن مہارت سے سامان میں چھپائی گئی تھی، اے ایس ایف ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی ایئرپورٹ پر جدہ جانے والے مسافر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

ٹھٹھہ پولیس کی کامیاب کارروائی، مزدا ٹرک اور آلٹو کار میں گٹکا میٹریل سپلائی کرنے کی کوشش ناکام

کارروائی میں 5 ملزمان فواد خان ولد عبدالجمیل پٹھان، نعیم خان ولد عبدالحکیم

پٹھان، جھانزیب، فاروق خان ولد یوسف پٹھان اور قیصر خان ولد ناصر گرفتار

ٹھٹھہ (اسٹاف رپورٹر) ٹھٹھہ پولیس کی کامیاب کارروائی؛ مزدا ٹرک اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

اے این ایف اور پاک نیوی نے سمندر میں شراب اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

الرضا نامی پاکستانی کشتی سے کئی ٹن شراب برآمد کی گئی جس کی مالیت 32 کروڑ

روپے بنتی ہے، ملزمان اور شراب اے این ایف حکام کے حوالے کر دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف)، پاک نیوی اور پاکستان میری ٹائم نے بحیرہ عرب کے سمندر میں شراب کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

کراچی: ٹھٹھہ پولیس کی کارروائی میں پکڑی گئی گٹکا ماوا کی بڑی کھیپ، دوسری جانب گرفتار ملزمان جبکہ آخری تصویر میں پکڑا گیا مزدا ٹرک

تہران: پاک بحریہ کے پی این فلوٹیلا کے کمانڈر 14 ویں ڈسٹرائر سکواڈرن کموڈور محمد عمیر ایران کے دورے کے موقع پر ایرانی نیول افسران سے ملاقاتیں کر رہے ہیں

قائد کے شہر سے

چیف ایڈیٹر علی منصور
روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریو ریذیڈنسی III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

ترقی وخوشحالی کا ضامن اڑان پاکستان منصوبہ

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک کی پائیدار ترقی کے حامل پانچ سالہ قومی اقتصادی منصوبہ اڑان پاکستان کا افتتاح کردیا جس کا مقصد اور محور برآمدات، ای پاکستان، ماحولیات، توانائی، برابری و بااختیار بنانے)فائیو ایز (کی پائیدار بنیاد پر برآمدات کے فروغ کے ذریعے اقتصادی ترقی کا حصول ہے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اڑان پاکستان اقتصادی نمو اور اقوام عالم میں کھوئے ہوئے مقام کے حصول کے لیے ایک بڑے سفر اور نئی صبح کا آغاز ہے۔ کامیابی کیلئے قومی یکجہتی اور ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کو آگے لے جانے کیلئے اشرافیہ کو کچھ قربانی دینا ہوگی۔ وفاق، صوبوں اور تمام شراکت داروں کے تعاون سے اڑان پاکستان پروگرام پر عمل درآمد کریں گے۔ ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے اور قومی یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔

پاکستان میں کئی طویل المدتی اقتصادی منصوبے شروع کیے گئے، ان میں سے کچھ بدانتظامی، سیاسی عدم استحکام، مالی وسائل کی کمی، اور پالیسیوں کے تسلسل کے فقدان جیسے عوامل کے باعث مکمل کامیابی حاصل نہ کی جاسکی۔ مقامی طور پر تیار کردہ 2024-2029-اڑان پاکستان پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کا بہترین پروگرام ثابت ہوسکتا ہے۔

اڑان پاکستان منصوبے میں جی ڈی پی کی شرح کو 6 فیصد، فی کس آمدنی کو 2405 ڈالر تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ 2029 تک کرنٹ اکاؤنٹ جی ڈی پی کا 1.2 فیصد سرپلس بنانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ آئی ٹی برآمدات 10 ارب ڈالر بڑھانے، سرمایہ کاری کو جی ڈی پی کے 17 فیصد تک لے جانے، برآمدات کو 63 ارب ڈالر تک بڑھانے اور ترسیلات زر کو 39.8 ارب ڈالر تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ 2029 تک ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب 13.5 فیصد تک لے جانے، سرکاری قرضوں کو جی ڈی پی کے 60 فیصد تک رکھنے اور تعلیم پر جی ڈی پی کا 4 فیصد خرچ کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ 2029 تک الیکٹرک گاڑیوں کو 25 فیصد تک بڑھایا جائے گا۔ غربت کی شرح 21.4 فیصد سے کم کرکے 12 فیصد تک لانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ 2029 تک پرائمری سکولز میں داخلے کی شرح 64 فیصد سے بڑھا کر 72 فیصد کرنے اور ٹوائلٹ کی سہولت کو 68 فیصد سے بڑھا کر 80 فیصد کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بھی کئی منصوبے اس پروگرام کا حصہ ہیں۔

پاکستان میں وسائل کی کمی ہے نہ ہی مہارت کا فقدان۔ پھر بھی ہم معاشی بدحالی کا شکار چلے آرہے ہیں۔ اس کی وجہ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنی تقریر میں بھی بتائی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ پچھلی ایک دہائی میں ہمارے ریاستی ملکیتی اداروں نے چھ کھرب روپے کے نقصانات کئے ہیں۔ 77 برسوں میں کھربوں کی کرپشن ہوئی، ہمارے محصولات کا ایک حصہ بھی ہمیں نہ مل سکے تو قرضے نہ لیں تو کیا کریں؟۔ یہ وہ وجوہات ہیں جس کے باعث آج پاکستان قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے۔

ہمارے ہاں دفاع ٹیکنالوجی کھیلوں اور معیشت سمیت کئی معاملات میں بھارت کے ساتھ موازنہ کیا جاتا ہے۔ آج پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 12 ارب ڈالر کے قریب ہیں جبکہ بھارت کے ساڑھے چھ سو ارب سے زائد کے ہیں۔ شہباز شریف کہتےہیں کہ نواز شریف کے پہلے دور میں بھی اصلاحات ہوئیں۔ بھارت میں منموہن سنگھ نے انہی اصلاحات کی پیروی کی اور ان پر عمل کیا۔ اس کے نتائج دنیا کے سامنے ہیں کہ بھارت نے کس طرح سے ترقی کی۔ اگر بھارت پاکستان کی متعارف کردہ اصلاحات سے استفادہ کرکے ترقی کرسکتا ہے تو پاکستان کیوں نہیں؟ کہا جاسکتا ہے کہ نواز شریف کو اپنی اصلاحات پر عمل کرنے کا پورا وقت دیا جاتا تو پاکستان ترقی اور خوشحالی کی منزل حاصل کرچکا ہوتا.

پاکستان میں وسائل کی کمی نہیں ہے مگر اسی پر ہی اکتفا کرکے نہیں بیٹھ جانا چاہیے۔ وسائل میں بہر صورت اضافے کی ضرورت ہے اس حوالے سے ہمارے پاس آئی ٹی سمیت بہت سے میدان کھلے پڑے ہیں۔ پاکستان کی آئی ٹی کی برآمدات چار ارب ڈالر سے کم جبکہ بھارت کی 300 ارب ڈالر سے زیادہ ہیں۔ اس میدان میں بھی ہم بھارت سے مقابلہ کرسکتے ہیں۔

معیشت کی مضبوطی کے لیے سرمایہ کاری اہم جزو ہے۔ اس کے لیے ملک میں سیاسی استحکام کا ہونا ناگزیر ہے۔ اتنی ہی ضرورت امن وامان میں بہتری لانے کی ہے۔ توانائی وافر مقدار میں اور سستی بھی ہو۔ اندرونی اور بیرونی سرمایہ کاروں کے لیے ایسا ماحول ہی سازگار ہوتا ہے۔ امن وامان کی صورتحال بہتر ہورہی ہے۔ سیاسی استحکام کی بھی واثق امید ہے۔ آج حکومت اور اپوزیشن کے مابین مذاکرات کا دوسرا دور ہورہا ہے۔ فریقین مثبت ذہن کے ساتھ مذاکرات کی میز پر آتے دکھائی دیتے ہیں۔ اوورسیز پاکستانیوں کی ترسیلات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ یہ قومی آمدنی کا ایک بڑا اور مستقل حصہ ہے۔ اوورسیز پاکستانیوں کی ہر معاملے میں حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے۔ ان کو ووٹ کا حق نہ دے کر دوسرے درجے کا شہری باور کروایا جارہا ہے۔

کیماڑی اینٹی اسٹریٹ کرائم سیل کا پاک کالونی میں موٹرسائیکل سوار دو مسلح اسٹریٹ کریمنلز سے مقابلہ

کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع کیماڑی اینٹی اسٹریٹ کرائم سیل کا رات گئے پاک کالونی میں موٹرسائیکل سوار دو مسلح اسٹریٹ کریمنلز سے مقابلہ۔ فائرنگ کے تبادلہ کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں جبکہ دوسرے کو بلاضرب گرفتار کرلیا گیا۔



ایس ایس پی کیماڑی۔ ملزمان کی شناخت-1 حارث شاہ ولد حامد شاہ) زخمی (اور-2 ارسلان ولد در محمد کے ناموں سے ہوئی۔ کیپٹن) ر (فیضان علی۔ ملزمان کے قبضے سے بوقت گرفتاری غیر قانونی پستول اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ ایس ایس پی کیماڑی۔ ملزمان کے قبضے سے برآمدہ موٹر سائیکل تھانہ فریئر کے مقدمہ 294/24 بجرم دفعہ 381A کی مال مسروقہ ہے۔ کیپٹن) ر (فیضان علی۔ ملزمان کو انچارج اینٹی اسٹریٹ کرائم سیل سب انسپکٹر راجہ خالد کی سربراہی میں پولیس پارٹی نے کاروائی کرتے ہوئے گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان ڈکیتی واسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ہیں۔ ملزم حارث شاہ کھارادار سے 65 لاکھ اور نیپیر سے 28 لاکھ کی واردات میں گرفتار ہوکر جیل جاچکا ہے۔ ملزم حارث 2021 میں تھانہ رسالہ کی حدود میں دانش ثاقب نامی چپل کے تاجر کو دوران ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ کرکے قتل کرنے کی واردات میں بھی مطلوب تھا۔ ملزم کو مزکورہ بالا واردات کی CCTV فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ھے۔ مزکورہ بالا واردات کا مقدمہ 29/21. بجرم دفعہ 392/397/302/34. تھانہ رسالہ میں درج ہے۔ جبکہ ملزمان کے خلاف تھانہ پاک کالونی میں مقدمات درج کر کے مذید تفتیش کی جارھی ھے۔

معروف اداکار کے سکیورٹی گارڈ نے کپل شرما کو تھپڑ جڑ دیا

کراچی (شوبز نیوز) فلموں کے نامور ناقد، اداکار اور سوشل میڈیا انفلوئنسر کمال راشد خان المعروف کے آر کے نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے سکیورٹی گارڈ نے کپل شرما کو تھپڑ رسید کیا تھا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق حال ہی میں میکا سنگھ کی جانب سے یہ دعویٰ کیا گیا کہ کپل شرما نے کمال آر خان کے گھر ہنگامہ کیا تھا۔ اسی سلسلے میں کے آر کے نے اپنے یوٹیوب چینل پر ایک ویڈیو شیئر کی جس میں انہوں نے کامیڈین کے ساتھ پیش آنے والے واقعے کا ذکر کیا۔ کے آر کے نے بتایا کہ میکا سنگھ نے دعویٰ کیا کہ وہ اور کپل میرے ممبئی والے گھر آئے اور بدتمیزی کی، آپ سب اس واقعے کو گوگل کرسکتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ دونوں اُس رات نشے میں تھے وہ میرے گھر آئے اور سکیورٹی گارڈ سے کہا کہ دونوں مجھ سے ملنا چاہتے ہیں لیکن گارڈ نے انہیں اندر جانے کی اجازت نہیں دی، تو وہ میرے گھر کے نیچے تصویریں کھنچوانے لگے اور اصرار کرنے لگے کہ مجھ سے ملیں۔ انہوں نے مزید کہا 'وہ دونوں نشے میں تھے اور وہاں سے جانے سے انکار کررہے تھے اس لیے میرے سکیورٹی گارڈز کو انہیں تھپڑ مارنا پڑا، انہیں باہر نکال دیا گیا اور اُس رات کپل نے کچھ ٹوئٹس کیے جب میں نے صبح وہ ٹوئٹس دیکھے تو میں نے ان پر ردعمل دیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ 'میکا اور میں ہمسائے ہیں، تو اگلے دن میں ان کے گھر گیا اور انہیں وارننگ دی کہ آئندہ ایسا نہ کریں، بعد میں انہوں نے معافی مانگی۔ بالی وڈ کی معروف اداکارہ ہمانی شیوی پوری نے حالیہ انٹرویو میں اپنی زندگی کے سب سے مشکل وقت اور شاہ رخ خان کی جانب سے ملنے والے جذباتی سہارا پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے اپنے شوہر کے انتقال کے بعد کے کٹھن دنوں کو یاد کرتے ہوئے بتایا کہ شاہ رخ خان ان کے لیے ایک مضبوط سہارا بنے۔ ٹائمز آف انڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں ہمانی

میئر کراچی

پیپلز پارٹی باتیں کم اور کام زیادہ کرتی ہے

کے ایم سی کے سیوریج پمپنگ اسٹیشنز کو پارکس میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، فیصلہ کیا تھا پمپنگ اسٹیشن کے اطراف کے راستوں کو خوبصورت بنائیں گے، بیرسٹر مرتضیٰ وہاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی باتیں کم کام زیادہ کرتی ہے۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ جو کہتے ہیں ہم کام نہیں کرتے تو انکو بتا رہے ہیں، پیپلز پارٹی باتیں کم کام زیادہ کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر شخص کو قانون کے دائرے میں احتجاج کا حق ہے، کسی کو جلسہ جلوس کرنا ہے کرے لیکن عوام کو تکلیف نہ ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ احتجاج کے نام پر سڑکوں کو بند کردیا جائے یہ صحیح نہیں، کسی کے مسائل کے حل کرنے کیلئے کراچی کے عوام کو مسائل میں ڈال رہے ہیں۔ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ پہیہ جام ہڑتال کا نام بلاول بھٹو کی قیادت میں آج کی نسل نے نہیں سنا ہوگا، پیپلز پارٹی نے لیاری کے عوام سے جو وعدے کیے ان کی تکمیل کیلئے کوشاں ہیں۔ میئر کراچی کا کہنا تھا کہ کے ایم سی کے سیوریج پمپنگ اسٹیشنز کو پارکس میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، فیصلہ کیا تھا پمپنگ اسٹیشن کے اطراف کے راستوں کو خوبصورت بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی اور بہتری کا سفر کراچی کے تمام ٹاؤنز میں جاری رہے گا، میں نے کہا تھا ابھی تو پارٹی شروع ہوئی ہے، منافقت کو مسترد کریں گے صرف کام کریں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ایک اچھا اور بہتر کراچی دنیا کے سامنے پیش کریں گے۔

نیوکراچی میں گٹکا ماوا فروش کے خلاف پولیس کی کامیاب کارروائی

کراچی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی سینٹرل ذیشان شفیق صدیقی کے احکامات پر تھانہ نیو کراچی انڈسٹریل ایریا پولیس نے گٹکا ماوا فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا۔ کارروائی نیو کراچی سیکٹر 5G میں عادل پلا کے قریب کی گئی۔ گرفتار ملزم کی شناخت محمد فیصل ولد ایوب علی کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے 50 پڑیاں گٹکا ماوا برآمد کیں۔ ملزم کے خلاف مقدمہ الزام نمبر 07/2025 درج کرلیا گیا ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس حکام کے مطابق، ملزم کا سابقہ ریکارڈ بھی چیک کیا جارہا ہے تاکہ اس کے دیگر ممکنہ جرائم کا پتہ لگایا جاسکے۔ پولیس کی اس کارروائی کو عوام نے سراہا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ علاقے میں غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف مزید اقدامات کیے جائیں گے۔

[redacted]

تین دن سے ہونے والے عوامی دھرنے مؤخر کررہا ہوں، علامہ اورنگزیب فاروقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں تین دن سے ہونے والے دھرنے مؤخر کررہا ہوں اگر کسی نے شہر میں امن برباد کرنے کی سازش کی تو یاد رکھیے وہ ہمارا سامنا کریں گے میں مطالبہ کرتا ہوں کراچی سے دھرنا سسٹم ختم کیا جائے ان خیلات کا اظہار اہلسنّت والجماعت کیا اہلسنّت والجماعت پاکستان کے مرکزی صدر علامہ غازی اورنگزیب فاروقی، مناظر اسلام مولانا ربنواز حنفی صاحب، سید محی الدین شاہ الحسینی، ترجمان کراچی عمر معاویہ، مولانا شکیل الرحمٰن فاروقی، مولانا عبدالرافع شاہ بخاری، امیر فضل خالق، کامران فاروقی، قاری عبدالوھاب، مولانا عادل عمر، مولانا حمید سعدی، مفتی سیف الرحمٰن عباسی نے لسبیلہ چوک میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا اہلسنّت والجماعت پاکستان کے مرکزی صدر علامہ غازی اورنگزیب فاروقی نے کہا کہ میں اعلان کرتا ہوں اگر کسی نے دھرنوں کی آڑ لے کر سیاست کی کوشش کی اس کو ہمارا سامنا کرنا ہوگا ہماری معیشت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی تو ہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ موجود ہوں ہم ریاست سے مطالبہ کرتا ہوں کرم ایجنسی کو اسلحے سے پاک کیا جائے کرم ایجنسی میں فوجی آپریشن کیا جائے تاکہ امن وامان قائم رکھ سکیں پاکستان میں دہشت گردوں کا تعلق ایران سے ہے شام وعراق میں بھی ایرانی دہشت گردوں نے ملک برباد کیا ہم مطالبہ کرتے ہیں پاکستان کو ایرانی دہشت گردوں سے پاک کیا جائے کرم ایجنسی کے بگن، پاراچنار، بشیرہ گاؤں میں امداد فراہم کی جائے معاملات کرم ایجنسی پاراچنار اور اطراف کے علاقوں میں خراب تھے ایم ڈبلیوایم نے کے پی کے میں سڑکوں پر کیوں نہیں آئے؟ ایم ڈبلیو ایم نے کراچی کو کیوں بند کردیا، انہوں نے کراچی والوں کو پریشان کیا انہوں نے لا اینڈ آرڈر کی خلاف ورزی کی ہم نے کراچی والوں کو اذیت میں نہیں رکھا ہم نے کراچی والوں کو ان دھرنوں سے تنگ ہونے کی وجہ سے شہر میں احتجاجی دھرنے دیئےہمارے تین دن سے شہر قائد تین دن سے جاری ہے ہم نے شہریوں کو پریشان نہیں کیا ہم نے سڑکیں بند نہیں کی میں اعلان کرتا ہوں اگر کسی نے دھرنوں کی آڑ لے کر سیاست کی کوشش کی اس کو ہمارا سامنا کرنا ہوگا ہماری معیشت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی تو ہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ موجود ہوں میں ریاست سے مطالبہ کرتا ہوں کرم ایجنسی کو اسلحے سے پاک کیا جائے کرم ایجنسی کے بگن، پاراچنار، بشیرہ گاؤں میں امداد فراہم کی جائے ہمارے دھرنوں کا مقصد پاراچنار کرم کا مسلہ تھا ہمیں تو پہلے یہ سوچنا چاہیے کہ کرم میں ظالم کون اور مظلوم کون ہے کرم ایجنسی میں تین سب ڈویژن ہے دو سب ڈویژن میں اہل سنت برادری کی بڑی تعداد موجود ہے آج تک اپر کرم میں فوجی آپریشن نہیں ہوا کرم ایجنسی میں بشیرہ گاؤں ہے جہاں شدت پسندوں کو نے حملہ کیا ہمارے بچوں، عورتوں نوجوانوں کو قتل کیا گیا ہمارے کانوائے پر حملہ کیا گیا بگن گاؤں کو پورا جلا دیا گیا بگن گاؤں کو لوٹا گیا، بچوں کو ذبح کیا عورتوں کی عزتوں کو لوٹا گیا کرم ایجنسی میں مساجدوں کو جلایا گیا، قرآن پاک کی بے حرمتی کی گئی میں صحافیوں کو دعوت دیتا ہوں آئے میرے ساتھ کرم ایجنسی چلیں ہماری اپیکس کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ کرم ایجنسی سے اسلحہ جمع کیا جائے کچھ لوگوں نے وہ اسلحہ دینے سے انکار کردیا اور اپنے آپ کو مظلوم ظاہر کیا۔ شہر کراچی بند کردیا، لوگوں کی زندگی مفلوج کردی کچھ لوگ غیر ملکی اسلحہ چھپانے کے لیے دھرنوں کی آڑ لی میں کہتا ہوں یہ ملک کو بدنام کرنے کے لیے پوری سوچی سمجھی سازش ہے یہ لوگ پاکستان کو عراق، شام بنانا چاہتے ہیں ہمارے بزرگوں نے اس ملک پاکستان کو بڑی قربانیاں دینے کے بعد حاصل کیا ایم کیو ایم کے لوگوں نے پاکستان کے پرچم کی بے حرمتی کی پی ٹی آئی نے نومئی کو پاکستانی پرچم کی بے حرمتی کی جنہوں نے اس ملک سے غداری کی آج ملک میں ان کا حال کیا وہ پاکستانی عوام کے سامنے ہے انہوں نے پاکستان میں غیر ملکی کالعدم تنظیموں کے پرچم لہرایا ہے انہوں نے اس ملک پاکستان سے غداری کی ہے۔

دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر سالانہ مینٹیننس، کراچی میں پانی کی سپلائی متاثر ہونے کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان واٹر کارپوریشن نے اپنے جاری ایک اعلامیہ میں بتایا کہ کے الیکٹرک کی جانب سے دھابیجی پمپنگ اسٹیشن پر 2024-25 کے پہلے فیز کا سالانہ مینٹیننس کام 5 جنوری کو کیا جائے گا مینٹیننس کا کام صبح 8 سے رات 8 بجے تک جاری رہے گا کے الیکٹرک کی جانب سے شٹ ڈاؤن کا دورانیہ مجموعی طور پر 12 گھنٹے ہوگا مینٹیننس کام کے باعث دھابیجی پمپنگ اسٹیشن کے مختلف فیڈر پر بجلی کی سپلائی جزوی طور پر بند رہے گی کے الیکٹرک کی جانب سے ہونے والے مینٹیننس کام کے باعث شہر کو مجموعی طور پر 100 ایم جی ڈی پانی کی کمی کا سامنا ہوگا ترجمان نے بتایا کہ شہر کو مجموعی طور پر 650 ایم جی ڈی پانی فراہم کیا جاتا ہے جبکہ شہر کو 550 ایم جی ڈی پانی کی فراہمی معمول کے مطابق جاری رہے گی اس ضمن میں ترجمان واٹر کارپوریشن نے شہریوں سے درخواست کرتے ہوئے کہا کہ وہ پانی کا ذخیرہ کریں اور اسے احتیاط سے استعمال کریں تاکہ کسی بھی پریشانی سے بچا جا سکے واضح رہے کہ ڈپٹی جنرل منیجر گرڈ سسٹم آپریشنز کے الیکٹرک کی جانب سے سالانہ مینٹیننس کے کام کے لیے درخواست دی گئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر سینٹرل طحہ سلیم کی ہدایت پر مجاہد کالونی میں غیر قانونی تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مجاہد کالونی ناظم آباد میں غیر قانونی تجاوزات اور تعمیرات پر عدالت کے حکم پر اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد ہاشم مسعود کی زیرنگرانی میں کے ڈی اے اینکروجمنٹ ، کے ایم سی

اینکروجمنٹ ، ٹاؤن انتظامیہ، پولیس اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر گرینڈ آپریشن کیا گیا۔ اس آپریشن میں سالوں سے قائم غیر قانونی گھروں کو مسمار کیا گیا اور جن گھروں میں خواتین اور بچے تھے انکو کچھ گھنٹوں کا مزید وقت دیا کہ غیر قانونی جگہوں کو جلد سے جلد خالی کردیا جائے واضح رہے کہ ان غیر قانونی جگہوں کو خالی کرنے کے لیئے مسلسل نوٹسز جاری کیئے جارہے تھے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد ہاشم مسعود نے کہا کہ غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کا خاتمے کو ہر حال میں یقینی بنایا جائیگا اور آپریشن بلاتفریق جاری رہے گا ہم ضلع وسطی کو آج سے چالیس سال پہلے والا ضلع دیکھنا چاہتے جس کے لیئے ہم کوشاں ہیں۔

ٹریفک پولیس افسر کی گاڑی کی ٹکر سے سوزوکی ڈرائیور کی ہلاکت، ملزم جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کی مقامی عدالت نے ٹریفک پولیس افسر کی گاڑی کی ٹکر سے سوزوکی ڈرائیور کی ہلاکت کے مقدمے میں ملزم کو 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا ہے

۔جوڈیشل مجسٹریٹ ساؤتھ کی عدالت میں ٹریفک پولیس افسر کی گاڑی کی ٹکر سے سوزوکی ڈرائیور کی ہلاکت کے مقدمے میں پولیس نے ملزم شاہد ہنگورو کو عدالت میں پیش کیا۔ تفتیشی افسر نے کہا کہ ملزم سے مزید تفتیش کرنا مقصود ہے، استدعا ہے کہ ریمانڈ دیا جائے۔ عدالت نے ملزم کو 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر تفتیشی افسر سے پیشرفت رپورٹ طلب کرلی۔ پولیس کے مطابق مقدمہ میں قتل بالسبب کی دفعہ بھی شامل کی گئی۔ ملزم کیخلاف تھانہ کلفٹن میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ حادثہ کے پی ٹی انڈر پاس پر پیش آیا تھا۔ ملزم مومن آباد میں بطور سیکشن افسر تعینات تھا۔

سی ٹی ڈی کی کارروائی، ڈکیتی اور متعدد قتل کیسز میں ملوث مفرور ملزم گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی میں اے ایس آئی عمران گجر کی قیادت میں پولیس پارٹی نے پرانا ٹانگہ اسٹینڈ، صدر کے قریب چھاپہ مار کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ بنگش ڈکیت گروپ کے مفرور ملزم کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم 20 کروڑ روپے کی ڈکیتی، مولانا ضیا الرحمٰن کے قتل اور سی ٹی ڈی اہلکاروں کے ساتھ پولیس مقابلے سمیت متعدد سنگین جرائم میں ملوث تھا۔ ایس ایس پی سی ٹی ڈی راجہ عمر

CTD
COUNTER
MENT
SINDH POLICE

خطاب کے مطابق، ملزم کراچی کے مختلف تھانوں بشمول سی ٹی ڈی، شاہراہ فیصل، میٹھادر، ملیر کینٹ، مبینہ ٹاؤن اور سچل پولیس کو مطلوب تھا۔ ملزم نے شاہراہ فیصل تھانے کی حدود میں دوران ڈکیتی مولانا ضیا الرحمٰن کو قتل کیا تھا، جس کی ایف آئی آر نمبر 688/2023 میں وہ مفرور تھا۔ 2022 میں ملیر کینٹ کے علاقے میں ملزم نے فائرنگ کرکے کرسچن کمیونٹی کے جون نامی فرد کو قتل کیا تھا، جس کا مقدمہ ایف آئی آر نمبر 488/2022 میں درج تھا۔ ملزم سی ٹی ڈی اہلکاروں کے ساتھ پولیس مقابلے میں بھی ملوث رہا، جس کی ایف آئی آر نمبر 164/2023 میں وہ مطلوب تھا۔ میٹھادر تھانے کی حدود میں ملزم نے SOS کمپنی کی کیش وین اغوا کر کے 20 کروڑ روپے لوٹنے کی واردات کی، جس کی ایف آئی آر نمبر 280/2021 میں ملزم اشتہاری قرار دیا گیا تھا۔ راجہ عمر خطاب کے مطابق، ملزم کا تعلق کراچی کے بدنام زمانہ بنگش ڈکیت گروپ سے ہے، جو شہر میں اسٹریٹ کرائمز کے حوالے سے خوف کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ گروہ کے متعدد ساتھی ملک سے باہر جا چکے ہیں، جبکہ کئی ساتھی گرفتار ہو چکے ہیں۔ گرفتاری کی کامیاب کارروائی پر پولیس پارٹی کے لیے تعریفی اسناد اور کیش انعام کا اعلان کیا گیا ہے۔ ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے اور اہم انکشافات کی توقع کی جارہی ہے۔

لینڈ اینٹی انکروچمنٹ کے سینئرز کو پروموشن سے محروم رکھا گیا، جوائنٹ ایمپلائز ایکشن کمیٹی کا احتجاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) لینڈ اینٹی انکروچمنٹ کے شعبے میں سینیارٹی لسٹ کے مطابق ایک بھی سینئر افسر کو ڈی پی سی ٹو میں پروموشن نہیں دیا گیا، جس پر سجن یونین) سی بی اے (کے ایم سی جوائنٹ ایمپلائز ایکشن کمیٹی نے شدید احتجاج کیا ہے۔ کمیٹی نے اپنی مشترکہ پریس ریلیز میں بے ضابطگیوں کی نشاندہی









After having examination, the committee decides to confirm the recommendation as stated above against each and submits the name before the competent authority i.e. Municipal Commissioner, KMC for perusal and accord approval for issuance of promotion orders in favor of above named officials.

Sr. Director (M.S), KMC
Co-Opt Member

Director City Warden, KMC
Co-Opt Member

Chief Fire Officer, KMC
Co-Opt Member

Director Payroll, KMC
Member

Director (L.A), KMC
Member

کرتے ہوئے سینیارٹی لسٹ پیش کی ہے، جو ان کے دعووں کا ثبوت ہے۔ سینیارٹی لسٹ کے مطابق، وسیم اسرار، کمال الدین صدیقی، عمران واحد، اور محمد اکرم، جو 1993 میں انسپکٹر کی حیثیت سے شامل ہوئے، اس لسٹ کے سرفہرست چار سینئر افسران ہیں۔ تاہم، ڈی پی سی ٹو کی لسٹ میں ان میں سے کسی بھی افسر کا نام شامل نہیں کیا گیا، جو کہ اہلیت کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ کمیٹی نے ڈی پی سی ٹو میں خلاف ضابطہ پروموشن پانے والوں کے نام بھی جاری کیے ہیں، جن کے سیریل نمبر 52، 77، 113، اور 116 پر موجود ہیں۔ کمیٹی نے الزام عائد کیا ہے کہ ان ناموں کو یا تو ذاتی تعلقات کی بنیاد پر نوازا گیا ہے یا پھر مالی مفادات کے لیے یہ بے ضابطگیاں کی گئی ہیں۔ کے ایم سی جوائنٹ ایمپلائز ایکشن کمیٹی نے ایک بار پھر مطالبہ کیا ہے کہ ڈی پی سی ٹو کا ازسرنو جائزہ لیا جائے اور پروموشن کے عمل کو سینیارٹی اور فٹنس کے اصولوں کے مطابق شفاف بنایا جائے۔ کمیٹی نے مزید کہا ہے کہ اس دھاندلی کی مزید اقساط بھی عوام کے سامنے لائی جائیں گی، تاکہ ان بے ضابطگیوں کا پردہ چاک کیا جاسکے۔

ایس ایچ او مٹھل شرکی اسٹریٹ کرمنل کے خلاف بہترین کارروائیاں جاری

کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع کیماڑی تھانہ جیکسن پولیس کی خفیہ اطلاع پر کامیاب کاروائی۔ اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث دو ملزمان ناجائز اسلحہ سمیت گرفتار۔ کیپٹن) ر (فیضان علی، ایس ایس پی کیماڑی کے مطابق ملزمان کی شناخت. 1 شاہ زیب ولد حق نواز اور .2 عثمان ولد گل محمد کے ناموں سے ہوئی ۔ ملزمان کے قبضے سے دو عدد 30 بور پستول اور 04 عدد موبائل فون برآمد ہوئے۔ ملزمان نے دوران انٹروگیشن مختلف علاقوں میں اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں کا انکشاف کیا.. گرفتار ملزمان اس سے قبل بھی تھانہ ساحل کے مقدمہ الزام نمبر 165/2023 بجرم دفعہ 379 ت پ میں گرفتار ہوکر جیل جاچکے ہیں. ملزمان کو ایس ایچ او تھانہ جیکسن سب انسپکٹر محمد مٹھل شرکی سربراہی میں پولیس پارٹی نے کاروائی کرتے ہوئے گرفتار کیا۔ ملزمان کے خلاف تھانہ جیکسن میں مقدمات الزام نمبر 09/2025 اور 10/2025 بجرم دفعہ 23(i)A SAA درج کرکے مزید تفتیش کا آغاز کردیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 1

مقابلے میں 34 فیصد زیادہ ہیں، ایکسپورٹس بڑھنے سے ہمارے زرمبادلہ کے ذخائر چار ارب ڈالر سے بڑھ کر ساڑھے بارہ ارب ڈالر پر آچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بینکوں کی شرح سود 22 فیصد سے کم ہو کر 13 فیصد پر آچکی، اگر اصل افراط زر کی بات کی جائے تو اسٹیٹ بینک کے پاس شرح سود مزید آٹھ پوائنٹس تک کم کرنے کی گنجائش موجود ہے، اسٹاک ایکسچینج تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے، یہ تمام اشاریے کھلا ثبوت ہیں کہ یہ سال پاکستان کی ترقی میں بہت معاون ثابت ہوگا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ کوئی شک نہیں کہ گزشتہ ساڑھے نو ماہ میں حکومت کو بیرونی اور اندرونی خلفشار کا سامنا کرنا پڑا، متعدد چیلنجز تھے جس کا ہم نے باہمی تعاون سے مقابلہ کیا، چاول کی ایکسپورٹ سے ملکی قومی خزانے میں چار ارب ڈالر آئے، چینی کی برآمد سے بھی نصف ارب ڈالر آرہا ہے، ہمارے پاس سرپلس چینی تھی جسے ہم نے اس لیے ایکسپورٹ کیا کہ اسمگلنگ بند ہوچکی تھی اور چینی ہمارے پاس وافر مقدار میں موجود تھی، اسی طرح آئل کی اسمگلنگ بھی کم ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارے پاس موقع ہے کہ وسطی ایشیائی ممالک ہمارے ساتھ سرمایہ کاری کے خواہش مند ہیں، مختلف ممالک سے ایم او یوز سائن ہوچکے ہیں، معاشی استحکام سیاسی استحکام سے جڑا ہوا ہے اگر سیاسی استحکام ہوگا تب ہی معاشی استحکام ہوگا، اب ہمیں معاشی گروتھ کی جانب جانا ہے تو سیاسی استحکام کے ساتھ ساتھ بجلی کی قیمتیں کم کرنا ہوں گی، ٹیکس آمدنی بڑھانی ہے تو کوششیں کرنا ہوں گی، بینکوں نے کئی برس بے پناہ منافع کمایا ان سے 72 ارب روپے لے کر بینکوں میں جمع کرائے، چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال قابل افسر ہیں ان کی کوشش سے کراچی پورٹ پر ہینڈلنگ میں تیزی آئی ہے بیک لاگ کافی حد تک حل ہوچکا۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاشی ترقی کا سلسلہ اس بات پر منحصر ہے کہ ملک میں امن ہو، اس وقت سیکیورٹی ہمارے لیے ایک چیلنج کی مانند ہے بدقسمتی سے افغان حکومت نے بہت سے لوگوں کو چھوڑ دیا، دہشت گردوں کو کچلے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے اس کے لیے سیکیورٹی ادارے جام شہادت نوش کررہے ہیں، روز کوئی واقعہ ہوتا ہے اور لوگ شہید ہوتے ہیں ہمیں اس کے خلاف سب کو اکٹھا ہونا ہوگا۔ انہوں ں ے پاراچنار میں معاہدہ ہونے پر سب کو مبارک باد دی اور کہا کہ دونوں اطراف سے سیکڑوں لوگوں کے مارے جانے پر افسوس ہے ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

جے35 تک، پاک فضائیہ کی برتری کا بھارتی میڈیا بھی معترف ہے۔ پاک فضائیہ کے ایف86، ایف104 اور ایف16 طیاروں کو ہمیشہ بھارت پر برتری حاصل رہی ہے، اس کے علاوہ 80 کی دہائی میں ایف سکسٹیز کی شمولیت سے جنوبی ایشیا کے آسمانوں پر پاک فضائیہ کی برتری مسلمہ حقیقت بنی رہی ہے۔ پاکستان کا جے ایف 17 تھنڈر بلاک ون اور ٹو کے بعد بلاک 3 کی شکل میں 4.5 جنریشن طیارہ بنا، جبکہ مقامی سطح پر طیارہ سازی میں بھی بھارتی فضائیہ پاکستان سے 6 برس پیچھے رہ گئی ہے، پاکستان نے جے ایف17 تھنڈر 2010 جبکہ بھارت نے تیجس 2016 میں شامل کیا۔ بھارت کے تیجس کا پہلا ورژن فلاپ رہا جبکہ تیجس ایم کے ون اے کو اب تک انجن کا انتظار ہے، بھارت نے دھوم دھام سے فرانسیسی رافیل حاصل کئے تو پی اے ایف نے جے 10 سی سے اس کی پلاننگ ناکام بنادی۔ پاک فضائیہ چین سے جے 35 حاصل کر کے جنوبی ایشیا میں پہلا ففتھ جنریشن طیارہ اڑائے گی، جبکہ بھارت کے پاس پہلے پاکستانی جے35 کے برسوں بعد بھی ففتھ جنریشن طیارہ اڑتا دکھائی نہیں دے گا۔ پاکستان ترکی کے ساتھ ٹی ایف ایکس کی جوائنٹ پروڈکشن پر بھی پیشرفت کر رہا، ٹی ایف ایکس ترکی، پاکستان اور آذربائجان کا مشترکہ منصوبہ ہے، پاکستان کے ٹی ایف ایکس پراجیکٹ کے برعکس بھارت کا ایڈوانسڈ میڈیم کومبیٹ ایئرکرافٹ ابھی صرف ڈرائنگ بورڈ پر ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ایئرفورس 2028 کے بعد ٹی ایف ایکس کی انڈکشن کا آغاز کرے گی، بھارت آج ففتھ جنریشن طیارے پر عملی کام کا آغاز کرے تب بھی 2035 تک بمشکل پہلی ٹیسٹ فلائٹ ہی ممکن ہوگی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

فیس لیس اسسمنٹ سسٹم کے مثبت نتائج سامنے آنے لگ گئے ہیں۔ فیس لیس ایسسمنٹ سسٹم کی بدولت دسمبر 2024 میں کسٹمز ڈیوٹی و دیگر ٹیکسوں کی وصولیوں کے حجم میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ چیف کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ جمیل ناصر کے مطابق دسمبر 2024 میں کسٹمز ڈیوٹی و ٹیکسوں کی مد میں 287 ارب روپے کی وصولیاں ہوئیں جبکہ دسمبر 2023 میں 226.27 ارب روپے کی وصولیاں ہوئی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ دسمبر 2023 کے 67 ارب روپے کے مقابلے میں دسمبر 2024 کے دوران 27 فیصد کے اضافے سے صرف کسٹمز ڈیوٹی کی مد میں 86 ارب روپے کی وصولیاں ہوئیں۔ جمیل ناصر کے مطابق کسٹمز فیس لیس اسسمنٹ سسٹم کے تحت اب تک 14 ہزار درآمدی گڈز ڈیکلریشن کی تیز رفتار ایسسمنٹ اور کلیئرنس ہوئیں۔ جمیل ناصر نے مزید کہا کہ متعارف کردہ فیس لیس اسیسمنٹ سسٹم امپورٹرز کی سہولت اور معیشت کے استحکام کا باعث ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

اپیل میں نظرثانی کیلئے ارسال کیا گیا۔ 19 مجرمان کی پٹیشنز کو خالصتاً انسانی بنیادوں پر قانون کے مطابق منظور کیا گیا۔ دائر کی گئی دیگر رحم کی پٹیشنوں پر عملدرآمد مقررہ مدت میں قانون کے مطابق کیا جائے گا۔ 19 مجرمان جن کی سزائیں معاف کی گئی ہیں ان میں محمد ایاز ولد صاحبزادہ خان، سمیع اللہ ولد میرداد خان، لئیق احمد ولد منظور احمد، امجد علی ولد منظور احمد، یاسر نواز ولد امیر نواز خان، سیعد عالم ولد معاذ اللہ خان، زاہد خان ولد محمد نبی، محمد سلیمان ولد سیعد غنی جان، حمزہ شریف ولد محمد اعظم، محمد سلمان ولد زاہد نثار، اشعر بٹ ولد محمد ارشد بٹ، محمد وقاص ولد ملک محمد خلیل، سفیان ادریس ولد ادریس احمد، منیب احمد ولد نوید احمد بٹ، محمد احمد ولد محمد نذیر، محمد نواز ولد عبدالصمد، محمد علی ولد محمد بوٹا، محمد بلاول ولد منظور حسین، محمد الیاس ولد محمد فضل حلیم شامل ہیں۔ پاک فوج کے ترجمان کا کہنا ہے کہ ان مجرمان کو ضابطے کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد رہا کیا جارہا ہے، دیگر تمام مجرمان کے پاس بھی اپیل کرنے اور قانون اور آئین کے مطابق دیگر قانونی حقوق برقرار ہیں۔ سزاؤں کی معافی ہمارے منصفانہ قانونی عمل اور انصاف کی مضبوطی کا ثبوت ہے، یہ نظام ہمدردی اور رحم کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انصاف کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔ اس سے قبل اپریل 2024 میں قانون کے مطابق انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 20 مجرمان کی رہائی کا حکم صادر کیا گیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

میں اسحاق ڈار، علیم خان، فاروق ستار، عرفان صدیقی، رانا ثنااللہ، راجہ پرویز اشرف، نوید قمر، عرفان صدیقی، فاروق ستار، اعجاز الحق، خالد مگسی شریک تھے۔ اجلاس کے آغاز پر اسپیکر نے شرکا کا خیر مقدم کیا اور افتتاحی کلمات میں کہا کہ آج ہماری مذاکراتی کمیٹی کا دوسرا اجلاس ہے، پہلی کمیٹی میں ہمارے کچھ ساتھی موجود نہیں تھے، پہلی مذاکراتی کمیٹی بہت اچھے اور خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی تھی، پہلی کمیٹی کے اجلاس میں زیر بحث آنے والے امور پر عملدرآمد کیا گیا ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ میرا کردار بطور ایک سہولت کار ہے، امید کرتا ہوں کہ مذاکراتی کمیٹی میں شریک فریقین مذاکرات کو مثبت انداز میں چلائیں گے، میری کوشش ہے کہ ملک کو درپیش دہشت گردی، معیشت سمیت دیگر اہم ایشوز کو بھی اسی کمیٹی میں زیرغور لایا جائے، ہم سب پاکستانی ہیں، پاکستان کے مسائل کو حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے، ملک کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے ہم سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ اجلاس میں جو چیزیں ڈسکس ہوئیں ان ان میں سے کئی پر عمل درآمد ہوا، پاکستان کو درپیش چیلنجز کو مذاکراتی کمیٹی کے عمل کا حصہ بنایا جائے گا، ہم سب پاکستانی ہیں اور ہمارے لیے پاکستان کی اہمیت ہی سب سے زیادہ ہے، دہشت گردی اور معاشی صورتحال سے متعلق جو مسائل ہیں ان کو بھی ڈسکس کیا جائے گا ان تمام مسائل کے حل کے لئے راستے بھی نکالے جائیں گے۔ ایاز صادق نے کہا کہ آج مذاکرات کے دوسرے دور میں سلسلہ وہیں سے شروع کیا گیا جہاں ختم ہوا تھا، اپوزیشن کے دوستوں نے گفتگو میں کچھ ڈیمانڈ کا ذکر کیا ہے، حتمی چارٹر آف ڈیمانڈ کیلئے پی ٹی آئی رہنماں کو پارٹی قیادت سے مزید ملاقات کی ضرورت ہے، مذاکراتی کمیٹی کا اگلا اجلاس آئندہ ہفتے ہوگا۔ تحریک انصاف نے مذاکراتی کمیٹی کے سامنے دو مطالبات پیش کردیے اول یہ کہ 9 مئی اور 26 نومبر دھرنے پر جوڈیشل کمیشن بنایا جائے اور دوم یہ کہ عمران خان سمیت تمام قید پارٹی کارکنان کو رہا کیا جائے۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ عمرایوب نے تفصیل سے اپنا نکتہ نظر پیش کیا، پی ٹی آئی مذکراتی ٹیم نے عمران خان رہنماں اور کارکنوں کے رہائی کا مطالبہ کیا، عمران خان نے مذکرات جاری رکھنے کی ہدایت کی ہے، چارٹر آف ڈیمانڈ پی ٹی آئی کی جانب سے آئندہ اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔ قبل ازیں اسد قیصر نے میڈیا سے بات چیت میں کہا کہ مذاکرات کا پراسس طویل ہوتا ہے دو ملاقاتوں میں کچھ نہیں ہوتا، ہم حکومت کی سنیں گے اور اپنی بات بھی کریں گے۔ صحافی نے پوچھا کہ کیا آج بانی چیئرمین کا پیغام بھی کمیٹی کے سامنے رکھیں گے؟ اس پر انہوں نے کہا کہ بانی چیئرمین کا ایک ہی پیغام ہے کہ ہمارے دو مطالبات ہیں جنہیں تسلیم کیا جائے۔ مذاکرات سے قبل پی ٹی آئی رہنماں نے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں رانا ثنااللہ بھی موجود تھے۔ قبل ازیں پی ٹی آئی رہنماں نے اپوزیشن لیڈر کے چیمبر میں میٹنگ کی جس میں سلمان اکرم راجا نے رہنماں کو عمران خان سے ملاقات کا احوال بتایا۔ سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ نے بانی پی ٹی آئی کا پیغام کمیٹی ممبران تک پہنچایا اور کہا کہ حکومت کے سامنے دو مطالبات سامنے رکھے جائیں، نو مئی 26 نومبر واقعات کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، اسیر پی ٹی آئی رہنماں اور ورکرز کی رہائی کا مطالبہ کیا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

کا حل چاہتے ہیں، میں بیک ڈور والا نہیں، کھلی کتاب ہوں۔ حکومت اور اپوزیشن کی مذاکراتی کمیٹی کے اجلاس کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ہمارے کارکنان نے جمہوریت کیلئے خون بہایا، حقیقی آزادی کیلئے شہید ہوئے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ اچھی بات ہے کہ 9 مئی کے ملزمان کو رہا کیا گیا، بیٹھ کر جمہوری طریقے سے معاملات کو حل کرنا چاہیے، مذاکرات بانی پی ٹی آئی کے حکم پر شروع ہوئے ہیں، مذاکرات کیسے کرنے ہیں بانی پی ٹی آئی ہی فیصلہ کریں گے۔ وزیراعلی کے پی نے کہا کہ کرم کے واقعات آج کے نہیں 50 سال سے چلے آرہے ہیں، کرم کے معاملات کو خوش اسلوبی سے حل کیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

ماورائے علاقہ و ماورائے عدالت قتل عام کی بات کی ہے، اب یہ معاملہ عالمی سطح پر پھیل چکا ہے، کئی ممالک نے اس حوالے سے ہمارے موقف کی تائید بھی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مختلف ممالک کے ساتھ دفاعی اور تربیتی پروگرام جاری ہیں، پاکستان ہمسایہ ممالک کے ساتھ دوستانہ تعلقات چاہتا ہے، پاکستانی عوام، افواج اپنی قومی سلامتی اور سیکیورٹی کو درپیش خطرات کے مقابلے کے لیے تیار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے بار بار کہا ہے کہ گوادر کی بندرگاہ غیر ملکی حکومتوں اور افواج کے لیے نہیں بلکہ پاکستانی عوام کے لیے ہے، واخان اور افغانستان میں پاک فوج کے داخلے کی خبریں درست نہیں ہیں۔ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ پاکستان افغانستان کی سلامتی و خودمختاری کا احترام کرتا ہے، پاکستانی حکومت شام کی صورتحال کا ایک حل تلاش کرنے کی حامی ہے، شام کا مستقبل شامی عوام کی خواہشات کے مطابق تلاش کیا جانا چاہیے، ہم شام کی نئی قیادت سے براہ راست رابطے میں نہیں ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

اور سیکڑوں گولیاں ہوئیں۔ ہلاک ڈاکو سب انسپکٹر رمضان سمیت 12 پولیس اہلکاروں کی شہادت میں ملوث تھا، جس کی شناخت میر حسن عرف بگا چانڈیہ کے نام سے ہوئی۔ ہلاک ڈاکو پولیس پر فائرنگ، اغوا برائے تاوان، قتل، ڈکیتی جیسے متعدد سنگین مقدمات میں ریکارڈ یافتہ تھا۔ ماچھکہ پولیس نے تنویر اندھڑ گینگ کی علاقے میں بڑی واردات کی خفیہ اطلاع پر سوتر کی بچا بند پر ناکابندی کر رکھی تھی، جہاں ڈاکوں نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ کردی۔ ڈاکوں کی جاب سے فائرنگ پر پولیس کی بھرپور جوابی کارروائی میں ایک ڈاکو مارا گیا جب کہ دیگر ساتھی فرار ہوگئے۔ ڈاکوں کے حملے میں تمام پولیس اہلکار محفوظ رہے، تاہم گاڑی کو جزوی طور پر نقصان پہنچا۔ پولیس آپریشن میں ڈی ایس پی بھونگ، سرکل کے تمام ایس ایچ اوز، ایلیٹ ٹیموں سمیت بھاری نفری نے حصہ لیا۔ پولیس کو بکتر بند گاڑیوں، بھاری ہتھیاروں کی مدد حاصل تھی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کامیاب کارروائی پر ڈی پی او رضوان عمر گوندل اور ماچھکہ پولیس ٹیم کو شاباش دی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

ہے۔ زاہد گشکوری نے اپنے ایک ویڈیو بیان میں کہا کہ پاکستان کے سابق آرمی چیف جناب جنرل قمر جاوید باجوہ کو لوگوں سے ملنے سے منع کردیا گیا ہے۔ زاہد گشکوری نے کہا کہ ان کو پرمیشن (اجازت) نہیں ہے، انہیں الا (اجازت) نہیں ہے کسی سے ملنے کیلئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے سابق آرمی چیف کیلئے عہدہ چھوڑنے کے بعد دو سال کی ملاقات پر پابندی کی شرط ہوتی ہے، لیکن جنرل باجوہ کی وہ بنیادی مدت پوری ہوچکی ہے۔ زاہد گشکوری نے دعوی کیا کہ جنرل (ر) باجوہ پاکستان میں ہی موجود ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جنرل فیض حمید کے خلاف جو مقدمہ چل رہا ہے وہ اسی مہینے کسی بھی وقت اپنے اختتام کو پہنچ جائے گا، کیونکہ دلائل اپنے آخری مراحل میں ہیں۔ انہوں نے دعوی کیا کہ سابق ڈی جی آئی ایس آئی کی قانونی ٹیم نے بتایا کہ جنرل فیض چاہتے ہیں جنرل قمر جاوید باجوہ کا بیان بھی ریکارڈ ہونا چاہئے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 10

فکر سے تعلق رکھنے والے لوگ رہتے ہیں۔ علی خورشیدی نے کہا کہ اس شہر میں دوبارہ فرقہ وارانہ فسادات کی سازش تو نہیں ہورہی؟ ملک دشمن قوتوں کی ان معاملات پر گہری نظر ہوتی ہے، کراچی کے شہریوں کی ذمہ داری ہے کہ اس قسم کے فسادات کا حصہ نہ بنیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس شہر کو اپنا سمجھتے ہیں کراچی کا امن بھی ہماری ذمہ داری ہے، دھرنیکو ختم کرنیکیلئیسندھ حکومت پہلیبھی تو کام کرسکتی تھی، دھرنیکو کافی دن ہوگئے کیا حکومت ستو پی کر سو رہی تھی؟ فریقین کی بات سننا اس صوبے کی ذمے داری تھی۔ علی خورشیدی نے کہا کہ اس صوبے میں مسئلہ تو 3 مہینے سے چل رہے ہیں، مسئلہ کا حل ضروری نہیں اسلام آباد پر چڑھائی کرنا تھا، کراچی میں پورے پاکستان سے تعلق رکھنے والے لوگ رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو ایگل آئی رکھنے کی ضرورت ہے جو امن کو خراب کرنیمیں لگی ہے، ایسی صورتحال کا دوسرے لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں، ملک دشمن عناصر کی ایسے معاملات پر بہت گہری نظر ہوتی ہے۔ علی خورشیدی نے کہا کہ رٹ کو چیلنج کیا گیا تو ریاست حرکت میں آئے گی، پاکستان کی سالمیت پر کوئی آنچ آنے نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت سے اختلاف اپنی جگہ لیکن سندھ پولیس ہماری پولیس ہے، کراچی میں پولیس کے افسران اور جوانوں پر حملہ کسی طور قابل قبول نہیں، صوبائی وزیر داخلہ کل ٹی وی پر نظر آئے، اس سے پہلے بات کرلیتے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 11

ہے۔ سابق ایس ایچ او اور پولیس ری ہیب سینٹر کے انچارج عبدالخالق انصاری اور محافظ پر حملہ کیا گیا، مبینہ طور پر نمائش چورنگی کے قریب پولیس افسر کے زیر استعمال موبائل کو نقصان پہنچایا گیا۔ نامعلوم شرپسندوں کی جانب سے پولیس افسر عبدالخالق انصاری اور محافظ پر تشدد بھی کیا گیا۔ دوسرے واقعے میں ڈنڈوں کے وار سے سب انسپکٹر ثاقب اور کانسٹیبل جنید زخمی ہوئے، تشدد سے زخمی پولیس افسر اور اہلکار کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کیا گیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 12

7 جنوری کو ملٹری کورٹس میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت کرے گا۔ عام انتخابات میں دھاندلی کے حوالے سے آئینی درخواست بھی 7 جنوری کو مقرر کی گئی ہے۔ آئینی بینچ میں 2005 کے زلزلہ متاثرین کی بحالی کا کیس بھی مقرر ہوگیا ہے اور جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ 7 جنوری کو یہ کیس بھی سنے گا۔ عدالت نے ایرا سمیت تمام فریقین اور اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کردیے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 13

شکار ہوا جس پر لیویز فورس نے خفیہ اطلاع کے بعد کارروائی کی اور 3 شکاریوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ ملزمان کے قبضے سے شکار کیا گیا مارخور، اسلحہ اور گاڑی بھی برآمد کی گئی۔ محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان نے گرفتار ملزمان کے خلاف بلوچستان وائلڈ لائف ایکٹ 2014 کے تحت مقدمہ درج کیا اور بعدازاں عدالت میں پیش کیا۔ عدالت نے ملزمان کو 3 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر لیویز کے حوالے کردیا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 14

ڈاکوؤں نے لوٹ مار کی واردات کے دوران فائرنگ کر کے 3 افراد کو زخمی کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق کورنگی انڈسٹریل ایریا کے علاقے بلال چورنگی پر نجی کمپنی کے قریب فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا، زخمی ہونے والے شخص کو چھیپا ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق زخمی ہونے والے شخص کی شناخت 23 سالہ زاہد ولد عمر زادہ کے نام سے کی گئی، فائرنگ کا واقعہ ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت پر پیش آیا۔ پولیس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا کے علاقے ملیر ایکسپریس وے روڈ پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا۔ زخمی ہونے والے شخص کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق زخمی ہونے والے شخص کی شناخت 28 سالہ سید رضا عباس ولد کوثر علی عباس کے نام سے کی گئی۔ فائرنگ کا واقعہ ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت کرنے پر پیش آیا، علاقہ پولیس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ اقبال مارکیٹ کے علاقے اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے گیارہ رحمت چوک کے قریب مسلح ملزمان کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا۔ زخمی ہونے والے شخص کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق زخمی ہونے والے شخص کی شناخت 45 سالہ زاہد ولد نیاز علی کے نام سے کی گئی، فائرنگ کا واقعہ ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت پر پیش آیا، علاقہ پولیس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 15

کی شرح 4 سال کی بلند ترین سطح پر آ گئی، ٹیکس ٹو جی ڈی پی مقررہ ہدف 10.6 فیصد سے زیادہ 10.8 فیصد رہا۔ پاکستان نے آئی ایم ایف کے طے کردہ اہم ٹیکس اہداف حاصل کرلیے، مشیر خزانہ نے کہا کہ ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح 10.8 فیصد ہوگئی، رواں سال ٹیکس ٹو جی ڈی پی کا ہدف 10.6 فیصد تھا، پہلی ششماہی میں ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح 4 سال کی بلند ترین سطح پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ششماہی کا 6009 ارب روپے کا ٹیکس ہدف بھی 94 فیصد تک پورا کرلیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 16

عباس کا دورہ کیا۔ پی این فلوٹیلا کی قیادت پاک بحریہ کے 14 ویں ڈسٹرائر سکواڈرن کے کمانڈر کموڈور محمد عمیر کر رہے تھے۔ میزبان ملک کی بندرگاہ پر آمد کے موقع پر پاکستانی سفارتخانیکے نمائندوں اور ایران بحریہ کے حکام نے پاک بحریہ کے جہازوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ مشن کمانڈر نے جہازوں کے کمانڈنگ آفیسرز کے ہمراہ ایرانی بحریہ کی بحری قیادت سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور میری ٹائم سیکیورٹی میں تعاون، بحری افواج کے مابین رابطے اور میری ٹائم سیکیورٹی میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مشن کمانڈر نے چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف کی طرف سے میزبان ملک کے عوام اور بالخصوص بحری افواج کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ بندرگاہ کے دورے کی تکمیل پر پاک بحریہ اور پاکستان میری ٹائم سکیورٹی ایجنسی کے جہازوں نے ایرانی بحریہ کے جہاز کے ساتھ مشق کی۔ اس مشق کا مقصد بحری افواج کے درمیان باہمی تعاون کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ مربوط مشقوں کے ذریعے بحری افواج کے مابین مشترکہ آپریشنز کی صلاحیت کو فروغ دینا تھا۔ پاک بحریہ کے اس دورہ ایران سے موجودہ سفارتی اور دفاعی تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 17

ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی ایئرپورٹ پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے بیرون ملک سے آنے والے 2 مسافروں کو حراست میں لے لیا ہے، حراست میں لیے گئے مسافروں میں فیصل احسان اور نعیم احمد شامل ہیں۔ ملزم فیصل احسان نے غیر قانونی طریقے سے لیبیا سے یورپ جانے کی کوشش کی جب کہ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم نے یورپ جانے کے لیے ندیم اور عمیر نامی ایجنٹوں سے رابطہ کیا، گرفتار ہونے والا ملزم نعیم احمد ایجنٹوں کا بھائی ہے۔ ملزم نعیم احمد پہلے سے ہی لیبیا میں رہائش پزیر تھا، ایجنٹوں نے متاثرہ فیصل احسان کو وزٹ ویزے پر دبئی بھجوایا جب کہ مذکورہ ایجنٹوں نے بعدازاں ملزم کو دبئی سے لیبیا بھجوایا اور مسافر کو بعدازاں لیبیا سے اٹلی سمندری راستے سے پہنچانے کے معاملات طے کیے۔ ایجنٹوں نے اپنے جال میں پھنسانے کے لئے بڑے بحری جہازوں پر یورپ بھجوانے کا جھانسہ دیا، ایجنٹوں نے بحری جہازوں کی ویڈیوز بھی بھجوائیں جب کہ ملزم نے مجموعی طور پر 46 لاکھ روپے مذکورہ ایجنٹوں کو ادا کیے۔ ملزم کو دیگر متاثرین کے ساتھ لیبیا سے اٹلی کشتی کے ذریعے بھجوانے کی کوشش کی تاہم کشتی حادثہ کا شکار ہوگئی اور کشتی میں سوار شہریوں کو لیبیا کوسٹ گارڈ کے اہلکاروں نے ریسکیو کر کے جیل منتقل کر دیا۔ ایجنٹوں نے لیبیا میں رہائی کے لئے بھی بھاری رقوم وصول کی اور بعد ازاں مزید رقوم وصول کر کے پاکستان بھجوایا جب کہ ملزمان کو کراچی ایئرپورٹ پہنچنے پر ایف آئی اے امیگریشن نے تحویل میں لے لیا ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لئے انسدادِ انسانی اسمگلنگ سرکل کراچی منتقل کر کے تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے، منظم گینگ لیبیا میں شہریوں کو یرغمال بنانے میں ملوث ہے جب کہ گرفتار ملزم کے مطابق لیبیا میں متاثرین کو مختلف ٹارچر سیل میں رکھ کر تشدد کیا جاتا ہے۔ ایف آئی اے امیگریشن کا کہنا ہے کہ انسانی اسمگلرز رہائی کے لئے تاوان بھی وصول کرنے میں ملوث ہیں، شہریوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ بیرون ملک جانے کے لئے ہمیشہ متعلقہ ملک کی ایمبیسی سے رابطہ کریں اور اپنے ذاتی دستاویزات غیر متعلقہ شخص کے حوالے نہ کریں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 18

ثالثی کے ذریعے تنازعات کے حل کے معاشی فوائد نہایت اہم ہیں، ثالثی ایک کم خرچ، مؤثر اور خفیہ طریقہ کار کے طور پر نہ صرف ملکی عدالتوں کا بوجھ کم کرتی ہے بلکہ کاروباری پیداواری صلاحیت بھی بڑھاتی ہے۔ سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج نے لکھا کہ ثالثی کے ذریعے تنازعات کے جلد حل کا موقع ملتا ہے جس سے کاروبار میں تعطل کم ہوتا ہے، بین الاقوامی ثالثی کے فیصلوں کے نفاذ کی صلاحیت تجارت اور کاروبار کو مضبوط بناتی ہے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ ثالثی کا مستحکم اور قابل پیش گوئی تنازعات کے حل کا نظام سرمایہ کاروں کے اعتماد کو فروغ دیتا ہے، ثالثی سے ملک بیرونی سرمایہ کاری کے لیے ایک پرکشش مقام بن جاتا ہے۔ فیصلے میں لکھا کہ عدالت کو بتایا گیا قانون اور انصاف کمیشن کی جانب سے تیار کردہ ایک نئے ثالثی ایکٹ کے مسودے کو 2 مئی 2024 کو وزارت قانون و انصاف کے ذریعے وفاقی حکومت کو پیش کیا گیا، یہ مسودہ 1940 سے غیر تبدیل شدہ ثالثی کے پرانے نظام کو جدید بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ہمیں توقع ہے کہ وفاقی حکومت قوم کے وسیع تر اقتصادی مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے جلد از جلد نئے ثالثی قانون کے نفاذ کو یقینی بنائے گی تاکہ عوام کو ایک مؤثر اور جدید تنازعات کے حل کا نظام فراہم کیا جاسکے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے فیصلے میں دفتر کو ہدایت کی کہ اس فیصلے کی ایک نقل اٹارنی جنرل کو بھیج دی جائے، تاکہ متعلقہ وزارت کے ساتھ خط و کتابت اور یاد دہانی کے طور پر کام آئے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 19

میں موت پر سابق ایس ایچ او اور پولیس اہلکاروں پر 25 لاکھ روپے جرمانہ عائد کردیا۔ جی ڈی اے کے سابق ایم پی اے معظم عباسی کی سربراہی میں ہونے والے جرگے میں سابق ایس ایچ او عبدالرزاق ٹگڑ اور اہلکاروں پر جرگے میں جرم ثابت ہوا۔ واضح رہے کہ 2 ماہ قبل تھانہ ولید سے 25 سالہ ساحل سولنگی کی لاش ملی تھی جس پر اہل خانہ نے احتجاج کرتے ہوئے تحقیقات کا مطالبہ کیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 20

ملتے ہی ایدھی کے رضا، ریسکیو 1122 اور شارع فیصل پولیس موقع پر پہنچ گئی اور فوری طور پر بے ہوش ہونے والوں کو طبی امداد کے لیے قریبی نجی اسپتال پہنچایا، اس حوالے سے ایس ایچ او فیصل گل نے بتایا کہ ابتدائی تحقیقات میں پتہ چلا ہے کہ گلستان جوہر بلاک 18 میں گزشتہ 2 سال سے زیر تعمیر عمارت کے زیر زمین ٹینک کے ڈھکن کو صفائی کی غرض سے ہٹایا تو معمولی سے دھما کا ہوا جبکہ ٹینک میں کچھ فٹ تک پانی بھی موجود بتایا جاتا ہے۔ بعدازاں ٹینک کی صفائی کے لیے 2 مزدور نیچے اترے تو وہ ٹینک میں پھیلی ہوئی زہریلی گیس سے متاثر ہوگئے۔ فیصل گل نے بتایا کہ شبہ ہے کہ دونوں مزدور زہریلی گیس کی وجہ سے دم گھٹنے کے باعث جاں بحق ہوئے ہیں اور انھیں نکالنے کے لیے جانے والے دیگر تینوں مزدور بھی ٹینک میں موجود زہریلی گیس کے باعث متاثر ہوکر بے ہوش ہوگئے جنھیں بعدازاں ریسکیو کر کے فوری طور پر گلستان جوہر میں قائم نجی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق زیر زمین ٹینک میں زہریلی گیس کے باعث دم گھٹنے سے جاں بحق مزدوروں کی شناخت 40 سالہ معید اور 30 سالہ احمد کے نام سے کی گئی جبکہ دیگر 3 مزدوروں 20 سالہ سرتاج، 25 سالہ حیدر اور 27 سالہ نارین کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ ایدھی حکام کا کہنا ہے کہ بے ہوش افراد میں 2 کو جناح اسپتال منتقل کیا گیا ہے جبکہ متوفین کی لاشیں بھی ضابطے کی کارروائی کے لیے جناح اسپتال منتقل کردی گئی ہیں، پولیس کا کہنا ہے کہ بے ہوش افراد کی طبعیت بہتر ہونے پر ان کے بیانات قلمبند کیے جائینگے جس کے بعد مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 21

کردیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق میئر کراچی نے شہر خموشاں میں تدفین کے عوض زائد رقم وصول کرنے اور قبروں کو مسمار کرنے والے مافیا کے خلاف کارروائی کی ہدایت کی جس کی روشنی میں سخی حسن قبرستان سے گورکن کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا۔ آپریشن کی سربراہی اے ڈی سی ون سینٹرل عاصم میمن نے کی اور ٹیم میں ڈائریکٹر قبرستان سرور عالم اے سی نارتھ ناظم آباد، ڈی ایس پی نارتھ ناظم آباد، ایس ایچ او شاہراہ نور جہاں شامل تھے۔ کارروائی کا مقصد شہر کراچی کے لوگوں کے لیے اپنی لواحقین کی تدفین کے لیے آسانی پیدا کرنا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ عوام سے گزارش کی جاتی ہیکہ وہ 14300 سے زائد رقم وصول کرنے والوں کی شکایت 1339 پہ درج کرائیں۔ میئر کراچی کو شکایت موصول ہوئی تھی کہ شہر کے قبرستانوں میں 25 سے 50 ہزار روپے مافیا کے لوگ قبر کے شہریوں سے وصول کر رہے ہیں جس پر یہ کارروائی کا آغاز کیا گیا

بقیہ روزنامہ تشکر 22

گرفتار کرلیا۔ تفتیشی حکام کے مطابق مقتول کو گزشتہ سال اپریل میں قتل کیا گیا تھا، قتل کی واردات میں ملوث خاتون سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ ملزمان کے خلاف 9 اپریل کو قتل کا مقدمہ درج کیا گیا تھا، ملزمان پر شادی کے معاملے پر نوجوان کو قتل کرنے کا الزام ہے، ملزمان کو گرفتار ملزمہ سلمہ کی نشاندہی پر گرفتار کیا گیا ہے۔ تفتیشی حکام کے مطابق گرفتار ملزمان میں میاں بیوی اور بیٹا شامل ہیں، منور علی کو قتل کر کے لاش شاہ لطیف کے علاقے میں پھینک دی گئی تھی، مقتول نوجوان کے اہلخانہ نے سلمہ نامی خاتون کو مقدمے میں نامزد کیا تھا، ملزمہ سلمہ نے انکشاف کیا کہ نوجوان کو 3 افراد کی مدد سے قتل کیا گیا تھا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 23

نقشبندی نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر دفاع محمود غزنوی کو لٹیرا کہنے پر اُمت مسلمہ سے معافی مانگیں، محمود غزنوی صرف افغانستان نہیں پوری اُمت مسلمہ کے ہیرو ہیں، سلطان محمود غزنوی کو لٹیر کہہ کر خواجہ آصف نے پوری اُمت مسلمہ کی دل آزاری کی ہے، خواجہ آصف فوری طور پر عوام سے معافی مانگیں اور اپنی وزارت کیلئے کام کریں، وزیر دفاع ہیروز پر انگلی اٹھانے کی بجائے اپنا احتساب کرلیں تو شرم سے ڈوب مرینگے، بھارت پاکستان سمیت دیگر ممالک میں دہشتگردی میں ملوث ہے اس پر آواز اٹھانا وقت کی ضرورت ہے مگر وزیر دفاع اپنی وازارت کیلئے کام کی بجائے کیا سلامی ہیروز کے خلاف متنازعہ بات کررہے ہیں جو شرمناک فعل ہے، امریکی نیوز پیپر واشنگٹن پوسٹ اور جنگ میں شائع ہونیوالی خبر میں انکشاف کیا پاکستان اور دیگر ممالک میں بھارت را کے دہشتگردوں کے ذریعے ٹارگٹ کلنگ کرواتا ہے، وشنگٹن پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت نے پاکستان سمیت دیگر ملکوں میں بھارتی دہشتگردی را ایجنسی کے ذریعے کرائی ہے، وزیر دفاع بھارت کی دہشتگردی کے خلاف آواز اٹھاتے اور عالمی سطح پر واشنگٹن پوسٹ اور کینیڈا حکام کے رپورٹ کو منظر عام پر لاکر بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب کرتے تو اچھا اقدام ہوتا وزیر دفاع بتائیں بھارت کی دہشتگردی کے خلاف آواز کون بلند کریگا، پاکستان سنی تحریک سمجھتی ہے بھارت ایک جنونی اور دہشتگرد ملک ہے جو پاکستان سمیت دیگر ملکوں میں دہشتگردی کر کے اپنے ناپاک مذموم مقاصد حاصل کرنا چاہتا ہے، کشمیر اور فلسطین میں مسلم نسل کشی میں بھارت ملوث ہے، اسرائیل اور بھارت دنیا کے امن کو تباہ کررہے ہیں، عالمی برادری اور عالمی ادارے بھارت کو دہشتگرد ملک قرار دیں اور بھارت پر معاشی واقتصادی پابندیاں عائد کی جائیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھارتی دہشتگردی کی مذمت اور خواجہ آصف کے متنازعہ بیان پر معافی مانگنے پر زور دیتے ہوئے کیا، شاداب رضا نقشبندی کا کہنا تھا کہ واشنگٹن پوسٹ میں بھارتی دہشتگردی کے انکشاف پاکستان کے موقف کی حمایت ہے کہ بھارت پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات میں ملوث ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 24

تفصیلات کے مطابق کراچی کی انسداد دہشت گردی عدالت نمبر 16 کے جج نے ضمانت پر موجود ملزمان میجر (ر) نوازش اکبر اور نوید خان کو 2006 میں ضلع ملیر کی عدالت سے واپسی پر شیر بہادر کو اغوا کر کے 70 لاکھ روپے نقدی اور 90 لاکھ روپے مالیت کے زیوارت کی صورت میں تاوان وصول کرنے پر مجرم قرار دیا۔ عدالت نے شہری کو حبس بے جا میں رکھنے پر 3 سال، اس کی گاڑی چوری کرنے پر 7 سال اور انسداد دہشت گردی قانون کی دفعہ 7 کے تحت اضافی عمر قید کی سزا سنائی، عدالت نے مجرمان کی جائیداد ضبط کرنے کا بھی حکم دے دیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 25

پیپلز بس سروس میں 4 نئے روٹس کے اضافے اور 40 نئی بسوں کی شمولیت کے بعد شہر میں بسوں کی تعداد 300 جبکہ سندھ بھر میں 340 ہوگئی ہے۔ یاد رہے کہ پیپلز بس سروس میں ڈیزل، الیکٹرک اور ہائی برڈ بسیں شامل ہیں۔ ہائی برڈ بسوں میں کچھ بیٹری پر اور کچھ سپر کیپسیٹر پر چلتی ہیں۔ پیپلز بس سروس کے منیجر عبدالشکور کے مطابق اس سال کراچی میں 40 نئی بسوں اور 4 اضافی روٹس کے ذریعے سروس کو مزید بہتر بنایا گیا ہے مگر شہر کی ضرورت 10 سے 15 ہزار بسوں کی ہے، شہری اس سہولت سے مطمئن نظر آتے ہیں۔ دوسری جانب پیپلز بس انتظامیہ کے مطابق غیر قانونی رکشہ اور چنگچی ماحول پر منفی اثرات مرتب کررہے ہیں۔ پیپلز بس انتظامیہ کے مطابق شہر میں غیر قانونی رکشوں اور چنگچیوں کی موجودگی بسوں کی روانی اور معیار پر منفی اثر ڈالتی ہے۔ بعض اطلاعات یہ بھی ہیں کہ گرین پاکستان کی دعوے دار حکومت ای وی بسوں پر ٹیکس میں کوئی رعایت نہیں دے رہی جس کی وجہ سے یہ بسیں عام بسوں سے زیادہ مہنگی پڑ رہی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 26

سے 2635 ڈالر کی سطح پر آ گیا۔ اس کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی جمعرات کو 24 قیراط فی تولہ سونے کی قیمت 1100 روپے کے اضافے سے 2 لاکھ 74 ہزار 700 روپے اور فی دس گرام سونے کی قیمت بھی 943 روپے کے اضافے سے 2 لاکھ 35 ہزار 511 وپے کی سطح پر آ گئی۔ اس کے برعکس فی تولہ چاندی کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 3 ہزار 350 روپے اور 10 گرام چاندی کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 2 ہزار 872.08 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 27

دیا، اور دوسری طرف بحری دفاع کے شعبے میں خود انحصاری کے حوالے سے بھی خاصی ترقی دکھائی دی۔ اس کے ساتھ ہی بھارتی نیول چیف کی جانب سے پاکستان نیوی کی صلاحیتوں میں زبردست اضافے پر تشویش ظاہر کرتی ہے کہ پاک بحریہ دشمن کی طرف سے کسی بھی قسم کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان بحریہ نے حالیہ چند برسوں میں جدید ترین ٹیکنالوجی کے حصول میں تیزی سے ترقی کی ہے، سطح آب پر طغرل کلاس فریگیٹس، بابر کلاس کورویٹس اور یرموک کلاس گائیڈڈ میزائل کورویٹس کے ساتھ زیرآب ہنگور کلاس آب دوز دونوں کی تیاری اور شمولیت پاکستان نیوی کی ترقی اور ماڈرنائزیشن پروگرام کو ظاہر کرتے ہیں۔ سال 2024 میں ایک طرف تو جدید ترین پلیٹ فارمز پاکستان نیوی کا حصہ بنے تو دوسری طرف کسی بھی جنگ میں پیچیدہ حربی صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لیے پاکستان نیوی نے کئی مشقیں بھی منعقد کیں۔ سال 2024 میں 2 جنوری کو باراکوڈا مشقوں کے ساتھ چند ہی روز بعد 9 جنوری کو سی گارڈ مشقوں کا انعقاد کیا گیا۔ جنوری کے مہینے میں پاک بحریہ اور پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی نے بحیرہ عرب میں پھنسے 9 بھارتی شہریوں کی جان بچائی۔ 25 جنوری 2024 کو پاک بحریہ نے سی اسپارک مشقوں کا آغاز کیا اور ایکسرسائز سی سپارک کے دوران لائیو ویپن فائرنگ کا مظاہرہ کیا۔ سی سپارک کے دوران پاک بحریہ نے اپنے جنگی جہازوں اور ایئر بورن پلیٹ فارمز کی مدد سے بھارتی نیوی کے جہازوں، آب دوزوں اور طیاروں کا سراغ لگایا جو ان مشقوں کو آبزرو کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ 21 فروری 2024 کو رومانیہ کی ڈامن شپ یارڈ کی جانب سے تیار کیے جانے والے یرموک کلاس کے تیسرے او پی وی پی این ایس یمامہ کو لانچ کیا گیا۔ 25 مارچ کو پاک بحریہ نے پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی کے ساتھ مل کر مشترکہ سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن میں ایرانی کشتی الاسد کے 14 لاپتا ماہی گیروں میں سے 10 کے جسد خاکی کو سمندر سے ڈھونڈ نکالا۔ 26 اپریل 2024 وہ تاریخی دن تھا، جب پاک بحریہ نے چین کے اشتراک سے تیار کردہ ہنگور کلاس آب دوز کو باضابطہ طور پر لانچ کیا۔ جدید ترین ڈیزل الیکٹرک ہنگور کلاس آبدوز اپنی بے پناہ اور بے مثال صلاحیتوں کی بدولت دشمن کے لیے خاموش قاتل کی حیثیت رکھتی ہے۔ یکم مئی 2024 کو پاکستان اور امریکا نے انسپائرڈ یونین کے نام سے جنگی مشقیں منعقد کیں جب کہ 7 جون کو پی این ایس اصلت نے ہسپانوی اور جاپانی بحریہ کے ساتھ مشقوں میں حصہ لیا۔ 17 جون کو پی این ایس بابر ترکیہ میں جنگی مشقوں میں شامل ہوا جب کہ تین جولائی کو پاکستان نیوی نے سطح سے فضا میں مائر کر مار کرنے والے میزائلوں کی کامیاب فائرنگ کا مظاہرہ کیا۔ 23 جولائی کو پاکستان بحریہ کمبائنڈ ٹاسک فورس 150 کی کمانڈ 13 ویں بار سنبھالی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 28

میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے جس کے باعث غزہ کی آبادی ایک لاکھ 60 ہزار تک کم ہوگی جو کہ 6 فیصد کمی ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ صرف غزہ میں 35 ہزار بچے بھوک کی وجہ سے جان کی بازی ہار گئے۔ مرکزی فلسطینی ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق اسرائیل نے اب تک 55 ہزار فلسطینیوں کو قتل کیا جن میں سے 11 ہزار لاشیں لاپتا ہیں جو شاید عمارتوں کے ملبے تلے دبی ہیں۔ اسرائیل کی مسلسل وحشیانہ بمباری کے باعث ایک لاکھ سے زائد فلسطینیوں کو غزہ چھوڑنے پر مجبور کیا گیا۔ اس رپورٹ سے قبل بین الاقوامی عدالت انصاف نے بھی جنوری 2024 میں اسرائیل کو فلسطینی نسل کشی روکنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرنے کا حکم دیا تھا۔ بین الاقوامی فوجداری عدالت نے ایک قدم آگے بڑھتے ہوئے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو اور سابق وزیر دفاع یوو گیلنٹ کے جنگی جرائم پر وارنٹ گرفتاری بھی جاری کیے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 29

پھر بڑھنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جمعرات کو کراچی کا کم سے کم درجہ حرارت 13.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 58 فیصد رہا۔ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں میں شہر قائد میں کم سے کم درجہ حرارت 13 سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ شہر قائد میں 4 جنوری سے سردی کی شدت دوبارہ بڑھنے کا امکان ہے، ملک میں داخل ہونے والا مغربی ہواؤں کا سلسلہ بلوچستان میں بارش کا سبب بن سکتا ہے، جبکہ سسٹم کے بلوچستان سے نکلنے کے بعد کراچی سرد ہواؤں کی زد میں آسکتا ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ کراچی میں اس وقت موسم سرد اور خشک ہے، جبکہ شمال سے چلنے والی ہواؤں کی رفتار 6 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 30

پر مشتمل ہے اور یہ دنیا میں چند ممالک ایسے ہیں جہاں نوجوانوں کی اتنی اور یہ بہت عام طور پہ کہا بھی جاتا ہے کہ نوجوان مستقبل کے معمار ہوتے ہیں۔ اگر آج ہمارے نوجوان سیاست میں نہیں آئینگے، صرف کسی کے لیے نعرے لگائیں گے اور گھر چلیں جائیں گے تو مستقبل کیا ہوگا۔ نوجوان سیاسی جماعتوں کا منشور پڑھیں، آئین پڑھیں اور پھر سیاسی جماعت کا فیصلہ کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی ہوٹل میں محکمہ اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز اور یوتھ پارلیمنٹ کے تحت منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سعید غنی نے کہا کہ اس وقت بھی پاکستان میں نوجوانوں کی آبادی 60 فیصد پر مشتمل ہے اور یہ دنیا میں چند ممالک ایسے ہیں جہاں نوجوانوں کی اتنی بڑی تعداد ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بہت عام طور پہ کہا بھی جاتا ہے کہ نوجوان مستقبل کے معمار ہوتے ہیں۔ سعید غنی نے کہا کہ جب میں نے پہلی دفعہ الیکشن لڑا تو اسوقت میری عمر 22 سے 23 سال یعنی آپکے برابر ہی تھی۔ کل میں چلا جانگا تو کسی نہ کسی کو تو سامنے آنا ہوگا، لیکن بدقسمتی سے ہماری نئی نسل کو ایک منصوبے کے تحت غیر سیاسی کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آج ہمارے نوجوان سیاست میں نہیں آئینگے، صرف کسی کے لیے نعرے لگائیں گے اور گھر چلیں جائیں گے تو مستقبل کیا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یوتھ پارلیمنٹ نوجوانوں کو آگہی فراہم کرنے میں اہم کردار کررہی ہے۔ آج اگر ہمارے اچھے نوجوان آگے آ کر معاشرے میں فاصلیکو کم نہیں کرینگے تو کوئی بڑا آئے گا۔ سعید غنی نے کہا کہ آج بھی بہت سلوگ سینٹ اور اسمبلی میں فرق نہیں کر پاتے۔ اگر آج ہمارے نوجوان ملک کے معاملات میں دلچسپی نہیں لینگے تو فاصلے بڑھیںگے۔ سعید غنی نے کہا کہ نوجوان سیاسی جماعتوں کا منشور پڑھیں، آئین پڑھیں اور پھر سیاسی جماعت کا فیصلہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ میں اگر اپنی بات کروں تو میں نے محنت کی، مجھے پوزیشن ملی اور وزارت بھی آج ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب میں نے سیاست کا آغاز کیا اس وقت کا نظام اور آج کا نظام وہیں کھڑا ہے جہاں کل کھڑا تھا۔ سعید غنی نے کہا کہ 1988 میں جب میں کالج میں پڑھتا تھا اس وقت ضیا کی آمریت کا خاتمہ ہوچکا تھا اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو وزیراعظم بنی تھی اس وقت ہم نے ایک تقریب کا انعقاد کیا تھا اور ہمارے اساتذہ اس وقت بھی پیپلز پارٹی کے کسی وزیر کا استقبال یہ کہہ کر کروانے سے خوفزدہ تھے کہ یہ پیپلز پارٹی کے وزیر ہیں حالانکہ اس وقت جمہوریت تھی اور آمریت ختم ہوچکی تھی۔ لیکن ہم میں اس وقت بھی خوف تھا اور ہمارے اساتذہ پولیٹسائیز نہیں ہونا چاہتے تھے۔ ان دنوں میں کالج کے شائع ہونے والے میگزین میں میرا آرٹیکل شائع کروایا کہ میں سمجھتا ہوں کہ آج بھی ہمارے معاشرے میں آمریت کے اثرات موجود ہیں اور ہم نہیں چاہتے کہ ہم پولیٹسائیز ہوں اور اگر ہم ایسا نہیں کریں گے تو اس ملک کی 60 فیصد نوجوان آبادی اس ملک کی سیاست کا اگر حصہ نہ بنی اور سیاست کو نہیں سمجھیں گی اور کسی کے کہنے پر صرف نعرے لگائے گی اور جلسوں میں جائے گی۔ تو اس ملک کی سیاست اور حکومت کیسے چلے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 31

واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ سائٹ ایسوی ایشن کے صدر احمد عظیم علوی نے اس حوالے سے کہا ہے کہ وزیراعظم کے پانچ سالہ معاشی پلان اڑان پاکستان کے اعلان کے فوری بعد پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ وزیراعظم کے معاشی وژن کے خلاف ہے، جس سے معاشی سرگرمیاں متاثر ہونگے، وزیراعظم فوری نوٹس لیں اور قیمتوں میں اضافہ کرنے والوں کے خلاف تحقیقات کرائیں۔ فیڈرل بی ایریا ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد تحسین نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ٹیکسوں میں کٹوتی کر کے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو فوری طور پر کم کرے، اس سے خاص طور پر درمیانے اور چھوٹے درجے کے تاجر متاثر ہورہے ہیں، جو پہلے ہی کافی مشکلات کا شکار ہیں۔ حیدرآباد چیمبر آف اسمال انڈسٹری کے سابق صدر محمد فاروق شیخانی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بلاجواز اضافے کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک استحصالی اقدام ہے، جس سے کاروباری افراد اور صارفین یکساں متاثر ہونگے، انھوں نے حکومت سے اضافہ واپس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی پالیسی اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 32

ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان فروری، مارچ میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کرے گا، اس سے قبل کراچی، لاہور اور راولپنڈی کے میزبان وینیوز کی تزئین و آرائش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل اسٹیڈیم کی جزوی تعمیر نو اور تزئین و آرائش کے لیے اقدامات جاری ہیں، 5 منزلہ عمارت کا انفرااسٹرکچر تو تیار کرلیا گیا تاہم مختلف فلورز پر فنشنگ کا کام باقی ہے، گراؤنڈ میں جنگلہ ہٹانے کا مرحلہ شروع ہوگیا، گراؤنڈ فلور پر آئی سی سی اینٹی کرپشن یونٹ، اینٹی ڈوپنگ اور میچ آفیشلز کے کمرے بنائے جانے ہیں۔ پہلی منزل پر 2 ڈریسنگ رومز کی تعمیر ہوگی، دوسری اور تیسری منزل پر ہاسپیٹیلٹی باکسز بنائے جائیں گے، چوتھی منزل پر میڈیا سینٹر کی تعمیر ہونی ہے، پہلے فیز میں ہٹائے جانے والے اسکور بورڈ کی جگہ نئے ڈیجیٹل اسکور اسکرینز کی تنصیب ہوگی، جدید طرز کی ایل ای ڈی لائٹس بھی نصب کی جانی ہیں، بورڈ کے سربراہ محسن نقوی نے جنوری میں بھی تعمیراتی کام جاری رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے، بعدازاں دوسرے اور تیسرے مرحلے میں دیگر کام ہوگا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 33

فاروقی نے کہا ہے کہ وہ دن دور نہیں جب بلاول بھٹو پاکستان کے وزیراعظم ہوں گے اور اس وقت ماحول ہی کچھ اور ہوگا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دعا ہے کہ نیا سال پاکستان اور عوام کے لیے خوش آئند ہو اور ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو۔ وہ دن دور نہیں جب بلاول بھٹو وزیراعظم پاکستان بنیں گے اور جب وہ ڈرائیونگ سیٹ پر آئیں گے تو ماحول ہی کچھ اور ہوگا۔ شرمیلا فاروقی نے کہا کہ ملک میں اس وقت سیاسی استحکام کی ضرورت ہے۔ جب بھی پی پی آئے گی، تو پورے مینڈیٹ کے ساتھ آئے گی۔ نبیل گبول سمیت ہم سب کی خواہش ہے کہ بلاول بھٹو وزیراعظم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں پی پی کو مینڈیٹ ملا اور پیپلز پارٹی کی سپورٹ سے ہی شہباز شریف وزیراعظم بنے۔ جہاں پی پی نے وفاقی حکومت کا ساتھ دینا ہوتا ہے، وہاں ساتھ دیتی ہے۔ حکومت اور پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی کا آج اجلاس ہونے والا ہے، دیکھیں کیا ہوتا ہے؟ پی پی رہنما نے کہا کہ جب یوسف رضا گیلانی وزیراعظم تھے تو پوری کابینہ کو لے کر اسمبلی میں بیٹھتے تھے۔ بحیثیت اتحادی حکومت کی اصلاح کے لیے انہیں مشورے دیتے رہتے ہیں۔ پی پی جس قانون پر ووٹ نہیں دے گی، وہ قانون بن ہی نہیں سکتا۔ شرمیلا فاروقی نے یہ بھی کہا کہ آج ہم ڈیجیٹلائزیشن کی بات کرتے ہیں، لیکن ملک میں انٹرنیٹ کا گلا گھونٹ دیا گیا ہے۔ حکومت کو بتانا ہوگا کہ انٹرنیٹ کی بندش کیوں کی جاتی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 34

لیے کھول دی گئی ہیں، جس کے بعد شہر میں معمولات بحال ہو گئے ہیں۔ مظاہرین نے شہر کے سات مختلف مقامات پر احتجاج کیا، جن میں نمائش چورنگی، ابوالحسن اصفہانی روڈ، کامران چورنگی، اور واٹر پمپ شامل تھے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق، دھرنوں کے خاتمے کے بعد ٹریفک کی روانی مکمل طور پر بحال ہوگئی ہے۔ نمائش چورنگی پر احتجاج ختم ہونے کے بعد سڑک پر ٹریفک کی روانی دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔ اس کے علاوہ، عباس ٹاؤن، ملیر، اور دیگر مقامات پر بھی سڑکیں ٹریفک کے لیے کھول دی گئی ہیں۔ ٹریفک پولیس نے مزید وضاحت کی کہ سہراب گوٹھ سے واٹر پمپ جانے والا راستہ بھی کھلا ہے، اور شہر کی تمام بڑی اور چھوٹی سڑکوں پر ٹریفک رواں دواں ہے۔ شہریوں نے دھرنے کے خاتمے کے بعد اطمینان کا اظہار کیا ہے، جس سے شہر کے معمولات بحال ہوچکے ہیں۔ واضح رہے کہ مذہبی جماعت کی جانب سے پارا چنار واقعات کے خلاف دھرنے نمائش چورنگی، ابوالحسن اصفہانی روڈ، کامران چورنگی اور واٹر پمپ پر دیے جارہے تھے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 35

سے ایک کلو سے زائد ہیروئن برآمد کرلی۔ ترجمان ایئرپورٹ سیکورٹی فورس (اے ایس ایف) نے کراچی ایئرپورٹ پر اے ایس ایف کے عملے نے کراچی سے جدہ کی پرواز کے مسافر امجد علی کے سامان میں منشیات کی موجودگی کی نشاندہی کی۔ منشیات بڑی مہارت سے سامان میں سوپ کی پیکنگ میں چھپا رکھی تھی۔ اے ایس ایف کے پیشہ ورانہ مہارت کے حامل عملے نے مسافر کے سامان کی تلاشی پر 1.060 کلوگرام ہیروئن برآمد کر کے اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ ملزم کو ابتدائی تفتیش کے بعد مزید قانونی کارروائی کے لیے برآمد منشیات کے ساتھ اے این ایف حکام کے حوالے کردیا گیا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 36

تفصیلات کے مطابق اے این ایف حکام کا کہنا ہے کہ پاک نیوی اور پاکستان میری ٹائم کے ساتھ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کیا گیا اور اس دوران بحیرہ عرب کے سمندر میں شراب اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنائی گئی۔ اے این ایف حکام کا کہنا ہے کہ مشترکہ ٹیم سمندر میں پیٹرولنگ میں مصروف تھی، کارروائی کے دوران 6 ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا۔ الرضا نامی پاکستانی کشتی سے کئی ٹن شراب برآمد کی گئی جس کی مالیت 32 کروڑ روپے بنتی ہے، ملزمان اور شراب اے این ایف حکام کے حوالے کردی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 37

آلٹو کار میں گٹکا میٹریل سپلائی کرنے کی کوشش ناکام 5 گٹکا میٹریل سپلائر ملزمان گرفتار 5 ہزار 1 سو 72 باہتر (5172) کلو گٹکا میٹریل 550 پیکٹ گٹکا ماوا، مزدا ٹرک اور آلٹو کار برآمد، مقدمہ درج آئی جی پی سندھ غلام نبی میمن اور ڈی آئی جی پی حیدرآباد رینج طارق رزاق دھاریجو کی ہدایات کی روشنی میں ایس ایس پی ٹھٹھہ ڈاکٹر محمد عمران خان کے احکامات پر ٹھٹھہ پولیس کا منشیات، جرائم پیشہ عناصر، عادی مجرمان، گٹکا، مین پڑی کے خلاف کریک ڈان جاری۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ کے احکامات پر ایس ایچ او تھانہ ٹھٹھہ انسپیکٹر عطر چنہ اور انچارج پولیس پوسٹ چھوٹچنڈ اے ایس آئی راجا ظفر راجپوت بمعہ اسٹاف نے دوران گشت خفیہ اطلاع ملنے پر ستیوں لنک روڈ ماذا جوس فیکٹری کے قریب کامیاب کارروائی کر کے مزدا ٹرک نمبر JX-0021 اور آلٹو کار نمبر CAL-119 میں گٹکا میٹریل سپلائی کرنے کی کوشش کو ناکام بنا کر 5 ملزمان فواد خان ولد عبدالجبیل پٹھان، نعیم خان ولد عبدالحکیم پٹھان، جہانزیب ولد نیاز محمد پٹھان، فاروق خان ولد یوسف پٹھان اور قیصر خان ولد ناصر خان پٹھان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے مزدا ٹرک اور آلٹو کار کو حراست میں لیکر 5 ہزار 1 سو 72 باہتر (5172) کلو گٹکا میٹریل 550 پیکٹ گٹکا ماوا برآمد کر کے ملزمان کے خلاف تھانہ ٹھٹھہ پر گٹکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کردیا۔ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 38

ذرائع سول ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق برطانوی ڈپارٹمنٹ فار ٹرانسپورٹ (بی ڈی ایف ٹی) کا وفد رواں ماہ کے وسط میں پاکستان کا دورہ کرے گا۔ برطانیہ کے لیے پی آئی اے کا براہ راست فلائٹ آپریشن فروری میں بحال ہونے کا امکان ہے۔ برطانوی سول ایوی ایشن کی ٹیم 15 سے 17 جنوری 2025 کو کراچی پہنچے گی۔ سی اے اے نے برطانوی ہوابازی سے رابطہ کر کے سیکورٹی آڈٹ میں استثنی کے لئے درخواست دی۔ برطانوی ڈی ایف ٹی نے استثنی کے لئے رضامندی ظاہر کرتے ہوئے سی اے اے کی مینول رپورٹ پر اعتماد کا اظہار کیا۔ برطانوی ہوابازی کی ٹیم رسمی طور پر سی اے اے اور پی آئی اے کا سیفٹی آڈٹ کرے گی۔ برطانوی ڈی ایف ٹی کی ٹیم پی آئی اے اور سول ایوی ایشن کا آڈٹ پہلے ہی کرچکی ہے جس پر پی آئی اے اور سی اے اے نے کامیابی حاصل کی تھی۔ ڈی جی سی اے اے نادر شفیع ڈار ذاتی طور پر برطانیہ کے لیے براہ راست پروازوں کی بروقت بحالی کو یقینی بنانے کے لیے حفاظتی اور حفاظتی ٹیموں کی قیادت کر رہے ہیں۔ سول ایوی ایشن ڈی ایف ٹی کے وفد کو بریفنگ دے گا۔ قوی امید ہے کہ پی آئی اے پر سے برطانیہ کیلئے براہ راست پروازوں پر سے پابندی فروری میں ختم کردی جائے گی۔ پی آئی اے برطانیہ کے فلائٹ آپریشن شروع کرنے کیلئے تیار ہے۔ ذرائع پی آئی اے کا کہنا ہے کہ پہلے مرحلے میں مانچسٹر کیلئے براہ راست پروازیں شروع کی جائیں گی۔ دوسرے مرحلے میں لندن اور دیگر شہروں کیلئے پروازیں آپریٹ ہوں گی۔ پی آئی اے یورپ اور برطانیہ کیلئے اپنے بوئنگ 777 طیارے آپریٹ کرے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 39

وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح 10.8 فیصد ہوگئی جب کہ رواں مالی سال ٹیکس ٹو جی ڈی پی کا ہدف 10.6 فیصد تھا، مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا کہ پہلی ششماہی میں ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح 4 سال کی بلند ترین ہے، ششماہی کا 6009 ارب روپے کا ٹیکس ہدف بھی 94 فیصد تک پورا کرلیا ہے۔ ایف بی آر حکام کے مطابق آئی ایم ایف بھی ٹیکس ٹو جی ڈی پی میں پیش رفت پر مطمئن ہے، سالانہ ہدف پورا کرنے کے لئے اضافی ٹیکس اقدامات کی فوری ضرورت نہیں۔ حکام نے بتایا کہ جولائی تا دسمبر 5 ہزار 624 ارب روپے ٹیکس وصول کیا گیا، دسمبر میں ٹیکس وصولی 1328 ارب رہی، دسمبر کا 1373 ارب کے ہدف کا 97 فیصد بنتا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ پہلی ششماہی میں گزشتہ سال کے مقابلے 26 اور دسمبر میں 35 فیصد زیادہ ٹیکس جمع ہوا جب کہ پہلی ششماہی کے ہدف میں 385 ارب شارٹ فال کے باوجود ٹیکس ریونیو میں نمایاں بہتری آئی۔ ایف بی آر حکام نے مزید بتایا کہ رواں سال ٹیکس وصولی کا مجموعی ہدف 12 ہزار 970 ارب روپے ہے، سالانہ ہدف پورے کرنے کے لیے منی بجٹ یا اضافی اقدامات نہیں لینا پڑیں گے جب کہ جنوری تا جون 7346 ارب روپے ٹیکس اکٹھا کر کے شارٹ فال پورا کیا جائے گا۔ ایف بی آر کا کہنا تھا کہ جولائی تا دسمبر 70 ارب روپے کے ٹیکس ریفنڈز بھی جاری کئے گئے، 6 ماہ کے دوران انکم ٹیکس کی مد میں 2827 ارب روپے ٹیکس جمع ہوا جب کہ جولائی تا دسمبر سیلز ٹیکس وصولی 2105 ارب روپے ریکارڈ کی گئی۔ حکام کا مزید کہنا ہے کہ پہلی ششماہی میں کسٹمز ڈیوٹی کی مد میں 617.3 ارب روپے ٹیکس جمع ہوا، فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں 346.6 ارب روپے کی وصولی کی گئی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 40

گورنر سندھ کامران ٹیسوری جو 2024 میں بھی عوامی اور فلاحی خدمت میں مصروف رہے۔ انہوں نے نئے سال کے آغاز پر 2025 کے لیے اپنے منصوبوں کا اعلان کر دیا۔ کامران ٹیسوری نے بتایا کہ وہ سال 2025 میں سندھ کے پانچ لاکھ نوجوانوں کو مفت آئی ٹی کورس کرانے کا پروگرام رکھتے ہیں۔ گورنر سندھ کے مطابق اس کے علاوہ بیروزگار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی، عوام کو پانی، بجلی اور گیس کی بلاتعطل فراہمی سمیت شہر قائد کو صاف ستھرا بنانے کے لیے کراچی میں جا بجا موجود لاکھوں ٹن کچرا اٹھوانا اور تلف کرانا بھی ان کے منصوبوں میں شامل ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 41

پروازیں متاثر ہو رہی ہیں۔ مسافروں سے درخواست ہے کہ پرواز کے لیے بکنگ کے وقت ایئرلائن کی جانب سے رابطے کے لیے درست اور فعال نمبر کا اندراج لازمی کروائیں۔ ترجمان کے مطابق پی آئی اے اپنے فضائی آپریشن کی حفاظت کو ناگزیر سمجھتا ہے۔ دھند کے باعث متاثر پرواز میں تاخیر کی صورت میں طیارے اور زمینی عملے سے تعاون کریں۔ پروازوں کی تاخیر پر مسافروں کی جانب سے عملے کے ساتھ عدم تعاون پرواز کی روانگی میں مزید تاخیر کا سبب بن سکتا ہے۔ مسافر اپنی پرواز سے متعلق پی آئی اے کے کال سینٹر یا ویب سائٹ سے بروقت معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 42

وائرل ہورہی ہیں۔ ترجمان نے واضح کیا کہ یہ تقرری کے احکامات مکمل طور پر جعلی ہیں اور محکمہ ورکس اینڈ سروسز، حکومت سندھ کی جانب سے ایسا کوئی تقرری کا حکم جاری نہیں کیا گیا ہے اور عوام کو گمراہ کرنے کے لئے مذکورہ بالا جعلی خبریں پھیلائی جارہی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 43

بھٹو کی 5 جنوری کو 97 ویں سالگرہ سندھ بھر کے تمام ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں منانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ پی پی پی سندھ کے صدر نثار کھوڑو نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی ضلعی تنظیمیں اپنے اپنے اضلاع میں بھٹو کی سالگرہ کی تقاریب کا انعقاد کریں، ذوالفقار علی بھٹو کی 97 ویں سالگرہ تقاریب میں کیک کاٹے جائیں گے اور بھٹو کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ نثار کھوڑو نے کہا کہ ملک میں جمہوریت بھٹو کی مرہونِ منت ہے، جمہوریت کے خلاف سازشیں ناکام ہوں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا تو شہید بینظیر بھٹو نے ملک کو میزائل ٹیکنالوجی دی، پاکستان کی ایٹمی طاقت اور میزائل ٹیکنالوجی اب بیرونی طاقتوں کو آنکھ میں کانٹا بن کر چبھ رہی ہے۔ نثار کھوڑو نے کہا کہ پاکستان کے عوام اور افواج اپنے ملکی اثاثوں کا تحفظ کرنا جانتے ہیں، شہید بھٹو نے ملک کو متفقہ آئین دیا، پیپلز پارٹی آئین، قانون اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے لیے اپنا جمہوری کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ روزنامہ تشکر 44

ٹریک کی بحالی کا کام تاحال تاخیر کا شکار ہے۔ حادثے کے باعث پنجاب اور کراچی جانے والی دیگر ٹرینوں کو مختلف اسٹیشنز پر روک لیا گیا ہے، جس سے مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 45

فیصد، حیدرآباد میں 4.5 فیصد، عمرکوٹ میں 21 فیصد چائلڈ لیبر ہے۔ رپورٹ کے مطابق سانگھڑ میں 25.7 فیصد، جیکب آباد میں 12.4 فیصد، ٹمیاری میں 13.6 فیصد چائلڈ لیبر ہے۔ سکھر میں 8.6 فیصد، ٹنڈو محمد خان میں 20.3 فیصد، ٹنڈوالہیار میں 4.7 فیصد چائلڈ لیبر ہے اسی طرح جامشورو میں 11.4 فیصد، نوشہروفیروز میں 4 فیصد، میرپورخاص میں 15.9 فیصد چائلڈ لیبر ہے۔ لاڑکانہ میں 7.6 فیصد، قمبر شہداد کوٹ میں 30.8 فیصد، گھوٹکی میں 17.6 فیصد چائلڈ لیبر ہے جبکہ خیرپور میں 9 فیصد، شکارپور میں 20.2 فیصد، تھرپارکر میں 29 فیصد چائلڈ لیبر اور بدین میں 7.2 فیصد، سجاول میں 11.2 فیصد، ٹھٹھہ میں 23 فیصد چائلڈ لیبر ہے۔ کشمور میں 5 فیصد، دادو میں 3.2 فیصد، نوابشاہ میں 8.2 فیصد چائلڈ لیبر رپورٹ کی گئی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 46

کے 4558 کیسز رپورٹ ہوئے۔ پاکستان میں بڑھتے ہوئے صنفی بنیاد پر تشدد کی ایک پریشان کن عکاسی کے طور پر ساحل تنظیم نے ایک رپورٹ مرتب کی ہے جو خواتین اور بچوں کی حفاظت اور سلامتی کے لیے کام کر رہی ہے۔ اس رپورٹ میں 2024 جنوری سے نومبر تک پاکستان بھر میں 4,112 کیسز رپورٹ ہونے کا انکشاف کیا گیا ہے، ان کیسز میں قتل، ریپ، خودکشی، اغوا، غیرت کے نام پر قتل اور تشدد جیسے واقعات شامل ہیں، تشویش کی بات یہ ہے کہ تشدد خواتین کے لیے ہر عمر میں معمول بنتا جارہا ہے۔ یہ رپورٹ 81 اخباروں سے جمع کیے گئے ڈیٹا کی بنیاد پر تیار کی گئی ہے جو ملک کے تمام چار صوبوں، اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری، آزاد جموں و کشمیر، اور گلگت بلتستان شامل ہیں۔ اس رپورٹ میں پاکستان کی صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف جاری جدوجہد کی ایک سیاہ تصویر پیش کی گئی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 47

ہسپتال پہنچ گئے۔ کراچی پولیس چیف نے پولیس جوانوں کو پھولوں کے گلدستے پیش کیئے اور جلد صحت یابی کی دعا کی۔ پولیس چیف نے علاج کے حوالے سے ڈاکٹرز سے تفصیلات معلوم کیں اور انکے اہل خانہ کو پولیس کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ آغا خان اسپتال میں زیرعلاج پولیس کانسٹیبلز میں ضیغم عباس متعینہ تھانہ ماڈل کالونی، غلام مرتضی متعینہ تھانہ ایئرپورٹ اور نواز علی متعینہ ایس ایس یو شامل ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 48

کے لوگ پاکستان داخل ہوئے۔ دفتر خارجہ میں ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کی سفارتی تنہائی ختم ہوگئی جبکہ ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2024 ہمارے لیے اہم سال تھا، الیکشن کے بعد مسلم لیگ ن کو عوام نے مینڈیٹ دیا، وزیراعظم شہباز شریف منتخب ہوئے، بہت سے چیلنجز درپیش تھے، کہا جاتا تھا کہ پاکستان سفارتی تنہائی کا شکار ہے، ہمارے دور میں تمام شعبوں میں کام شروع ہوا۔